آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز پیر 23 جنوری 2023ء بمطابق 29 جمادی الثانی 1444ھ | شمارہ نمبر 19

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع: فجر صبح	05:15
اہل تشیع: ظہرین	01:00
اہل تشیع: مغرین	7:00

وزیر دفاع: جو مودہ مہنگائی کی ذمہ دار عمران خان کی سابق مدت حکومت ہے

ملکی معیشت کو تباہ کر کے رکھ دیا، ہم ملکی معیشت کے استحکام کے لیے دن رات کوشاں ہیں اور پرعزم ہیں کہ ہماری محنت ضرور کامیاب ہوگی

عوام میں گھل مل گئے اور انکے مسائل سن کر موقع پر ہی انکے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے حکام کو احکامات جاری کیے

ملکی معیشت کے استحکام کے لیے دن رات کوشاں ہیں اور پرعزم ہیں کہ ہماری محنت ضرور کامیاب ہوگی، کارکنوں سے خطاب

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ہمیشہ سے یہ ترجیح رہی ہے کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں، ہمیں معلوم ہے عوام مہنگائی کا سامنا کر رہے ہیں، اس مہنگائی کی ذمہ دار عمران خان کی سابق حکومت ہے جس نے ملکی معیشت کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے، ہم ملکی معیشت کے استحکام کے لیے دن رات کوشاں ہیں اور پرعزم ہیں کہ ہماری محنت ضرور کامیاب ہوگی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) دوبارہ سے ملک کو ترقی و خوشحالی کے راستے پر گامزن کرنے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف سے ممبر قومی اسمبلی عابد رضا ملاقات کر رہے ہیں، معاون خصوصی عطاء اللہ تارڑ بھی موجود ہیں

سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی گھناؤنا فعل اور قابل قبول نہیں ہے، وزیراعظم

یہ واقعہ مسلم اُمہ کے خلاف ایک سازش ہے جبکہ ایک مخصوص گروہ کا اس قسم کی حرکت پر انسانی حقوق کے اداروں کی خاموشی انتہائی تشویشناک ہے۔ کسی بھی مذہب اور مقدس مقامات کی بے حرمتی سے عالمی امن کو خطرات لاحق ہونگے

سویڈن میں دائیں بازو کے انتہاپسند کی جانب سے قرآن پاک کی بے حرمتی کے گھناؤنے فعل کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے آزادی اظہار کا لبادے کو دنیا بھر میں بسنے والے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو مجروح کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا، شہباز شریف

واقعے سے پوری دنیا میں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے جس پر عالم اسلام میں شدید غم و غصہ ہے' دنیا میں کسی بھی مذہب اور مقدس کتب کی توہین کرنا ناروا اقدام ہے جبکہ اسلام کسی بھی مذہب کی توہین کرنے کی اجازت نہیں دیتا' صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو

اسلام آباد (ٹی این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کرنے کی سازش قرار دیدیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے بیان میں کہا کہ سویڈن میں دائیں بازو کے انتہاپسند کی جانب سے قرآن پاک کی بے حرمتی کے گھناؤنے فعل کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار کے لبادے کو دنیا بھر میں بسنے والے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو مجروح کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ وزیراعظم پاکستان نے کہا کہ سویڈن میں دائیں بازو کے انتہاپسند کی جانب سے کیا گیا شرمناک فعل ناقابل قبول ہے۔ دریں اثنا صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعے کی شدید الفاظ میں بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے پی این پی کے جنرل سیکرٹری جہانزیب بلوچ اور رکن صوبائی اسمبلی اختر حسین لانگو ملاقات کر رہے ہیں

سویڈن میں قرآن مجید کی بے حرمتی سے عالم اسلام کی دل آزاری ہوئی ہے، نور محمد دمڑ

مسلمانوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے' دنیا میں کسی بھی مذہب اور مقدس کتاب کی توہین کرنا ناروا اقدام ہے، سینئر صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) پی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے سویڈن میں قرآن مجید کی بے حرمتی کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ واقعے سے عالم اسلام کی دل آزاری ہوئی ہے مسلمانوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

عمران خان کے زہریلے طنز نے سیاست کو بدنام کیا ہے، شہباز شریف

چیئرمین پی ٹی آئی احتساب کے نام پر نواز شریف کو بدنام کرنے اور مسلم لیگ (ن) کو نشانہ بنانے کی سازش میں شامل تھے، وزیراعظم کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان کے زہریلے طنز نے سیاست کو بدنام کیا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی احتساب کے نام پر نواز شریف کو بدنام کرنے اور مسلم لیگ (ن) کو نشانہ بنانے کی سازش میں شامل تھے۔ اتوار کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کی سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور نذر آتش کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی کی سویڈن اسٹاک ہوم میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور نذر آتش کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور نذر آتش کرنے کے گھناؤنے فعل سے دنیا بھر بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو زرداری کا چارسدہ پولیس چوکی پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

پولیس کے جوانوں پر حملے کرنے والے مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لا کر سخت سزا دلوائی جائے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین و وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے چارسدہ میں پولیس چوکی پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس کے جوانوں پر حملے کرنے والے مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لا کر سخت سزا دلوائی جائے گی۔ بلاول ہاؤس سے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، خواجہ اظہر، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، مفتاح اسماعیل، صمصام بخاری و دیگر کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

صوبائی حکومت کے احکامات کے روشنی میں کوئٹہ شہر میں عوام کو سستے آٹے کی فراہمی جاری ہے

کوئٹہ (ٹی این) صوبائی حکومت کے احکامات کے روشنی میں کوئٹہ شہر میں عوام کو سستے آٹے کی فراہمی جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

لوگوں کو صحت عامہ کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی

گوادر (ٹی این) رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی نے کہا ہے کہ لوگوں کو صحت عامہ کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، لوگوں بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

مچھ میں کوئلہ کان میں حادثہ ایک کان کن جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) مچھ میں کوئلہ کان میں حادثہ ایک کان کن جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو مچھ میں مقامی کوئلہ کان میں کام بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

پسنی سے گوادر جانے والی کرولا گاڑی، روڈ پر کھڑی مال بردار ٹرک سے ٹکرا گئی، دو افراد جان بحق ایک شدید زخمی

گوادر (آن لائن) پسنی سے گوادر جانے والی کرولا گاڑی، روڈ پر کھڑی مال بردار ٹرک سے ٹکرا گئی، دو افراد جان بحق ایک شدید زخمی، جان بحق افراد میں صحافی یعقوب بلوچ کا بھائی بھی شامل ہے، حادثہ موٹروے پولیس کی کوتاہی کی وجہ سے پیش آیا تفصیلات کے مطابق اتوار کی رات گئے پسنی سے گوادر جانے والی کرولا گاڑی کمران کوسٹل ہائی وے پر بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں موسم انتہائی سرد اور خشک رہا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں موسم انتہائی سرد اور خشک رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اتوار کو بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

نگران وزیراعلیٰ پر ڈنڈی ماری گئی تو پنجاب الیکشن کا قبرستان بن جائیگا، شیخ رشید احمد

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ پاکستان عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے پنجاب بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی چیف سیکرٹری اور آئی جی پنجاب کو آٹا مہنگا بیچنے والوں کیخلاف کارروائی کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے پنجاب کے چیف سیکرٹری عبداللہ سنبل اور انسپکٹر جنرل (آئی جی) پنجاب پولیس بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

مسافر وین بے قابو ہو کر الٹ گئی، ایک شخص جاں بحق، 15 زخمی

شکارپور (این این آئی) شکارپور لاڑکانہ روڈ قومی شاہراہ پر مسافر وین بے قابو ہو کر الٹ گئی جس سے ایک شخص جاں بحق اور 15 افراد زخمی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں رجب کا چاند نظر نہیں آیا، یکم رجب 24 جنوری منگل کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں رجب المرجب 1444 ہجری کا چاند نظر نہیں آیا۔ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین مولانا بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

حقائق بہت تلخ ہیں، پاکستان کے پاس مسائل کا کوئی معجزاتی حل نہیں، شاہد خاقان

موجودہ صورت حال کے ذمہ دار فوج اور عدلیہ سمیت بھی ہم سب ہیں، آئین میں تمام مسائل کا حل موجود ہے، گالم گلوچ اور الزام تراشی کی سیاست ملکی مسائل حل نہیں کرسکتی، سابق وزیراعظم

تمام مسائل کا حل آئین میں موجود ہے، بلوچستان کے مسائل کی وجہ یہاں کے غیر نمائندہ ارکان پارلیمنٹ ہیں، سینک معاہدے پر اختیار صوبے کا ہے وہ جائزہ لیکر حقائق عوام کے سامنے رکھے، مفتاح اسماعیل، حاجی لشکری رئیسانی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ گالم گلوچ اور الزام تراشی کی سیاست ملکی مسائل حل نہیں کرسکتی، تمام مسائل کا حل آئین میں موجود ہے، اس وقت ملک کو سیاسی استحکام کی اشد ضرورت ہے، معیشت، سیاست اور دیگر مسائل کا حل آئین میں موجود ہے، جو خرابیاں 10 سے 20 سال میں پیدا ہوئیں وہ 8 ماہ میں ٹھیک نہیں ہوسکتیں، موجودہ مسائل کے ذمہ دار سیاستدان، فوجی، ایجوکریٹ، اور میڈیا سمیت ہم سب ہیں، عدلیہ بھی ان فیصلوں کو بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

2022 میں اقوام متحدہ مشن میں خدمات انجام دینے والے 7 پاکستانی فوجی شہید

اقوام متحدہ کے امن دستوں میں شامل 6 پاکستانیوں کیلئے بعد از مرگ اعزاز سے نوازا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے اسٹاف یونین کے مطابق گزشتہ سال کیے گئے دانستہ حملوں میں کم از کم اقوام متحدہ کے امن دستے کے 32 اہلکار جان کی بازی ہار گئے جن میں سات پاکستانی بھی شامل ہیں۔ میڈیا کے مطابق لگاتار نویں سال مالی میں اقوام متحدہ کا کثیر جہتی مربوط استحکام مشن 14 ہلاکتوں کے ساتھ امن دستوں کیلئے سب سے مہلک رہا، اس کے بعد جمہوریہ کانگو میں اقوام متحدہ کے تنظیم استحکام مشن میں 13 ہلاکتیں ہوئیں، وسطی افریقی جمہوریہ میں اقوام متحدہ کے کثیر جہتی مربوط استحکام مشن میں چار اموات اور لیبیا میں اقوام متحدہ کی مہموری فورس میں ایک ہلاکت ہوئی۔ 32 ہلاکتوں میں ایک خاتون پولیس افسر بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو عطاء اللہ کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ریکوڈک منصوبہ پورے پاکستان کیلئے ترقی و خوشحالی کی نوید ثابت ہوگا، فرح عظیم شاہ

ریکوڈک منصوبے سے آٹھ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ آٹھ ہزار سے زائد ملازمتیوں کے مواقع بھی پیدا ہوں گے

اس تاریخی معاہدہ سے عوام کی سماجی و معاشی ترقی کی راہیں ہموار ہوں گی' حکومت اپنی عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گی' ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (ٹی این) ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبہ نا صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کیلئے ترقی و خوشحالی کی نوید ثابت ہوگا۔ اس تاریخی معاہدہ سے عوام کی سماجی و معاشی ترقی کی راہیں ہموار ہوں گی، ریکوڈک منصوبے سے آٹھ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ آٹھ ہزار سے زائد ملازمتیوں کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ ترجمان صوبائی حکومت محترمہ فرح عظیم شاہ نے کہا کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے حکومت بلوچستان کے مؤقف کو تسلیم کرتے ہوئے منصوبے کو قانونی طور پر درست قرار دیا ہے جس سے عوام کا اپنی حکومت اور اداروں پر اعتماد مزید بڑھا ہے۔ ریکوڈک معاہدے کے خلاف کسی قسم کے پروپیگنڈے کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بیرون ملک سے کچھ سازشی عناصر بلوچستان کو ترقی یافتہ ہوتے نہیں دیکھنا چاہتے۔ لیکن بلوچستان کی امن پسند، ترقی پسند اور باشعور عوام منصوبے پر عملدرآمد چاہتی ہے حکومت اپنی عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گی۔ ریکوڈک منصوبہ پر بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان کو 60 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کی سپلائی بحال کردی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کو 60 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کی سپلائی بحال کردی گئی۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی سلمان احمد صدیقی کے مطابق بولان کے علاقے سراج آباد میں گزشتہ بدھ کو پھٹنے والی 112 انچ قطر کی گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام سوئی سدرن کی ٹیم نے مکمل کرلیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خراب موسم کی وجہ سے پہلے مرمت کے کام بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

کیڈٹ کالج سانگھڑ کو ایک تسلیم شدہ تعلیمی ادارے میں تبدیل کرنے پر انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہیں، وفاقی وزیر شازیہ مری

جہاں صوبے کے دور دراز علاقوں سے آنے والے طلبا کو کالج میں معیاری اور جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہے

سندھ حکومت نے ایسے تعلیمی ادارے قائم کیے ہیں جو کہ صوبے کے پسماندہ علاقوں میں معیاری اور جدید تعلیم مہیا کر رہی ہیں، وفاقی وزیر

سانگھڑ (این این آئی) وفاقی وزیر تخفیف غربت اور سماجی تحفظ اور چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شازیہ عطا مری نے کیڈٹ کالج سانگھڑ کے 26 ویں سالانہ یوم والدین کی تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ وفاقی وزیر شازیہ مری کی آمد پر کمانڈنٹ کیڈٹ کالج سانگھڑ اور پرنسپل کموڈور ذیشان علی نے خوش آمدید کیا اور کیڈٹس نے انہیں گارڈ آف آنر کے ساتھ والہانہ استقبال کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے کیڈٹ کالج سانگھڑ کے احاطے میں 100 کلوواٹ سولر سسٹم کی تنصیب کے منصوبے کا بھی بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

وفاقی گوادر ریکوڈک اور سینڈک سمیت سارے منصوبے بھی زبردستی چلا رہا ہے، مرکز خان

ہم سب کچھ کرسکتے ہیں اگر ہم کرنا چاہیں لیکن ہم روایتی لوگ ہیں ہم آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی بھی چاہتے ہیں ہم جمہوری لوگ ہیں

گیس کی مد میں بلوچستان کے اربوں روپے کے بقایاجات ادا نہ کرنے کی صورت میں ہم گیس کی فراہمی بند کرسکتے ہیں، صوبائی وزیر خزانہ و خوراک انجینئر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خزانہ و خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کی جانب سے گیس کی مد میں بلوچستان کے اربوں روپے کے بقایاجات ادا نہ کرنے کی صورت میں ہم گیس کی فراہمی بند کرسکتے ہیں، وفاق نے بلوچستان کو نظر انداز کر کے رکھا ہے، سیلاب متاثرین کے لیے بیرون ممالک اور اداروں سے آنے والی امداد میں سے بلوچستان کو ایک روپیہ نہیں ملا۔ یہ بات انہوں نے ٹی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ اور دوسری مدت میں مختص حصہ نہ دینے کی وجہ سے بلوچستان مالی بحران کا شکار ہوگیا ہے، صوبے میں ترقیاتی کام رک گئے ہیں اور سرکاری ملازمین کی تنخواہیں دینا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق گوادر، ریکوڈک اور سینڈک سمیت سارے منصوبے بھی زبردستی لے جارہا ہے اور اگر معاوضہ بھی نہیں دیتا بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

آئی ایم ایف کی شرائط سے مہنگائی بڑھ کر 40 فیصد ہوجائے گی، زلفی بخاری

اٹک (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما زلفی بخاری نے کہا ہے کہ اس وقت 25 فی صد سے زیادہ مہنگائی ہے، آئی ایم ایف کی شرائط سے مہنگائی بڑھ کر 40 فیصد ہو جائے گی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے زلفی بخاری نے کہا کہ پنجاب اور کے پی کے میں اسمبلیاں عمران خان نے توڑ بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

امپورٹڈ حکمران اقتدار کو طول دینے کیلئے حیلے بہانے کر رہے ہیں، شاہ محمود قریشی

چیئرمین قومی اسمبلی کو جس ایجنڈے کے تحت ذمہ داری سونپی گئی وہ اسی ایجنڈے کے تحت کام کر رہے ہیں، سابق وزیر

ملتان (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکمران اقتدار کو طول دینے کیلئے حیلے بہانے کر رہے ہیں، ناکام نظام کو بچانے کیلئے غیر آئینی ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں، حکومت پر گھبراہٹ اور بوکھلاہٹ طاری ہو چکی ہے، چیئرمین قومی اسمبلی کو جس ایجنڈے کے تحت ذمہ داری سونپی گئی وہ اسی ایجنڈے کے تحت کام کر رہے ہیں، قومی اسمبلی میں عدم اعتماد کے ووٹ سے بچنے کیلئے اور نام نہاد اپوزیشن لیڈر کو بچانے کیلئے ہمارے اراکین کے استعفے منظور بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان سے پاکستان تحریک انصاف بلوچستان سوشل میڈیا ٹیم کے سلمان لطیف شاہین، منظور احمد خان نائک ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان نارووال سے الیکشن لڑیں، سیاست بھول جائیں گے، اقبال احسن

نارووال سپورٹس سٹی سٹیڈیم کا 90 فیصد کام مکمل تھا، اس پروجیکٹ کو بدترین انتقام کا نشانہ بنایا گیا

مریم نواز پاکستان واپس آ رہی ہیں، پورے ملک میں تنظیم نو کے لئے اپنا کردار ادا کریں گی، وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان نارووال سے الیکشن لڑیں، ان کو سیاست بھول جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو میں لیگی رہنما احسن اقبال نے کہا کہ نارووال سپورٹس سٹی سٹیڈیم کا 90 فیصد کام مکمل تھا، اس پروجیکٹ کو بدترین انتقام کا نشانہ بنایا گیا، اس کی تعمیر پر جھوٹا مقدمہ بنایا گیا، آج یہ میدان بھوت بنگلہ بن چکا ہے، جو حادثہ اس منصوبے کے ساتھ ہوا ایسا ہی پاکستان کی معیشت ساتھ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے نارووال کے عوام کی خدمت کی، عمران نیازی ہر حلقے سے کاغذ جمع کرواتے ہیں، نارووال سے بھی اپنے بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ناقابل تردید ثبوت اور امین جھوٹا، فرد یہ تو شہ خانہ کا چور ہے مریم اورنگزیب

عمران خان نے شوکت خانم کے 3 ملین ڈالر کے خیراتی فنڈ ہاؤسنگ سوسائٹی میں لگانے کا اعتراف کرلیا ہے

توشہ خانہ میں چوری کی، تو کیا ہوا؟، ریاست کے 190 ملین پاؤنڈ کھا گیا، تو کیا ہوا؟، پانچ کیرٹ کا ہیرہ ہی تو لیا ہے؟، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ثاقب نثار کے "صادق اور امین" نے شوکت خانم کے 3 ملین ڈالر کے خیراتی فنڈ ہاؤسنگ سوسائٹی میں لگانے کا اعتراف کرلیا ہے، جھوٹا فراڈیہ توشہ خانہ اور زکوٰۃ چور نکلا ہے، توشہ خانہ میں چوری کی، تو کیا ہوا؟ ریاست کے 190 ملین پاؤنڈ کھا گیا، تو کیا ہوا؟ پانچ کیرٹ کا ہیرہ ہی تو لیا ہے؟۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ جعلی "صادق اور امین" نے 30 لاکھ ڈالر کی رقم ہاؤسنگ منصوبے میں لگانے کا اعتراف کیا، پاکستان کی عوام نے آپ کو شوکت خانم کے لئے زکوٰۃ کے پیسے دیئے تھے پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹی کے لئے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں پر چوری کا الزام اور خود خیرات کے پیسوں کی چوری کا اعتراف جرم ہے، لاکھوں ڈالر کا خیراتی پیسہ لگاتے ہوئے شوکت خانم کے بورڈ سے منظوری بھی نہ لی۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹا فراڈیہ توشہ خانہ اور زکوٰۃ چور نکلا ہے، توشہ خانہ میں چوری کی، تو کیا ہوا؟ ریاست کے 190 ملین پاؤنڈ کھا گیا، تو بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

امن و امان کو برقرار رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اسسٹنٹ کمشنر تحصیل لیفٹیننٹ (ر) بلال شبیر

توکنڈی (ٹی این) اسسٹنٹ کمشنر تحصیل لیفٹیننٹ (ر) بلال شبیر نے مختلف ایشوز پر بلائے گئے اجلاس میں توکنڈی کے مختلف شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان کو برقرار رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے توکنڈی میں امن و امان کی بحالی کے لیے رسالدار جاوید عیسیٰ زئی کو تعینات کیا گیا جو ایک نوجوان اور امن و امان برقرار رکھنے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

مسلم لیگ (ن) کے اندر بڑی بغاوت ہے، کئی اراکین ٹکٹ مانگ رہے ہیں، اسد قیصر

قومی اسمبلی میں اپوزیشن نہیں ہے، کیسا اپوزیشن لیڈر ہے، وزیراعظم کے لیے ڈیسک بجاتا ہے، کیا اپوزیشن اس طرح ہوتی ہے، انٹرویو

ہماری استعفوں کی تجاویز سے کوئی رابطہ نہیں، امید ہے کہ استعفوں کی تجاویز خیر سیاسی رہے گی، انتخابات بہت جلد ہوں گے اور اپریل سے آگے نہیں جائیں گے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے پاکستان مسلم لیگ (ن) میں بڑی بغاوت کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کئی اراکین ہمارے ساتھ رابطے میں ہیں اور ان سے ٹکٹ کے معاملے پر بات چل رہی ہے، قومی اسمبلی میں اپوزیشن نہیں ہے، کیسا اپوزیشن لیڈر ہے، وزیراعظم کے لیے ڈیسک بجاتا ہے۔ ایک انٹرویو میں اسد قیصر نے کہا کہ اسپیکر نے ہمارے استعفے منظور کر کے ہمارے لیے ایک طرح سے اچھا کیا ہے کیونکہ دو صوبوں کے علاوہ قومی اسمبلی کے ان حلقوں میں بھی الیکشن ہوں بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانا اظہار رائے کی آزادی میں نہیں آتا، خان کاکڑ

سویڈن کی حکومت یا اس کے شہری آزادی اظہار رائے کا لبادہ اوڑھ کر ہمارے مقدس کتابوں کی توہین کریں

اسلاموفوبیا کو فروغ دینے کی کارروائی سے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچی، صوبائی مشیر اطلاعات

کوئٹہ (ٹی این) صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مضا خان کاکڑ نے سویڈن کی جانب سے اسلام مخالف مظاہروں کے اجازت نامے کے بعد ترکیہ کے سفارت خانے کے باہر قرآن مجید کی بے حرمتی اور اسلام کے خلاف ذہر اگلنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سویڈن میں اظہار رائے کی آزادی ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ سویڈن کی حکومت یا اس کے شہری آزادی اظہار رائے کا لبادہ اوڑھ کر ہمارے مقدس کتابوں کی توہین کریں بین الاقوامی دنیا اور انسانی حقوق کے علمبردار نفرت انگیز فعل کی روک تھام کی ذمہ داری نبھائیں اور تشدد پر نہ اکسانے کی ذمہ داری نبھائیں، کوئٹہ اور اس کے اطراف میں گیس کا سنگین تر ہوتا مسئلہ حل طلب ہے سوئی سدرن گیس کمپنی اپنی ذمہ داری نبھائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا ہے حاجی مضا خان کاکڑ نے کہا کہ سویڈن میں حکومت بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

گوادر کے رجسٹرڈ ایک لاکھ 33 ہزار ووٹران کے لیے 120 پولنگ اسٹیشن قائم کی جائینگے

گوادر (آن لائن) گوادر کے رجسٹرڈ ایک لاکھ 33 ہزار ووٹران کے لیے 120 پولنگ اسٹیشن قائم کی جائینگے، گیارہ سو ووٹران پر ایک پولنگ اسٹیشن قائم کردی جائے گی اس سلسلے میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایم سی او) الیکشن کمیشن بلوچستان فوٹ بشن بلوچ نے گزشتہ روز گوادر اور پسنی کا دورہ کیا بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

اسلام اور شعائر اسلام کیخلاف نفرت انگیز اقدامات کو آزاد اظہار کا تحفظ حاصل نہیں، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے سویڈن میں قرآن مجید کی بے حرمتی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے منظور کردہ قرارداد کے مطابق اسلام اور شعائر اسلام کیخلاف نفرت انگیز اقدامات کو آزاد اظہار کا تحفظ حاصل نہیں۔ اپنے بیان میں عمران خان نے کہا کہ سویڈن میں احتجاج بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

آصف علی زرداری سے گلگت بلتستان کے پارلیمانی وفد کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

گلگت بلتستان میں صحت کے بے پناہ مسائل ہیں، امراض قلب کا ایک جدید ہسپتال تعمیر کیا جائے گا، آصف زرداری

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں صحت کے بے پناہ مسائل ہیں، امراض قلب کا ایک جدید ہسپتال تعمیر کیا جائے گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے پارلیمانی اور تنظیمی وفد کی قائد حزب اختلاف وصوبائی صدر امجد حسین ایڈووکیٹ کی قیادت میں سابق صدر آصف علی زرداری سے زرداری ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات ہوئی وفد میں پیپلز پارٹی کے جنرل سیکریٹری انجینئر محمد اسماعیل، سینئر نائب صدر جمیل احمد، پیپلز پارٹی کی رکن اسمبلی وصوبائی بقیہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

23 جنوری 2023ء

پاکستان میں ہر تیسرا شخص موٹاپے کا شکار ہے، ماہرین صحت

ماہرین صحت نے کہا ہے کہ پاکستان میں ہر تیسرا شخص موٹاپے کا شکار ہے، ملک میں موٹاپے کے پھیلاؤ کی وجہ آرام دہ طرز زندگی اور متوازن خوراک کا نہ ہونا ہے، نمک اور چینی کے استعمال کو کم اور متوازن خوراک اور جسمانی ورزش کو معمول بنا کر اس پر قابو پایا جا سکتا ہے، ریفارمز کرنے اور آگاہی دینے کی ضرورت ہے، پاکستان کے 11 شہروں میں تقریباً 2500 افراد کا معائنہ کیا گیا اور ان میں سے 88 فیصد مرد اور خواتین دونوں موٹاپے کا شکار پائے گئے، بریک تھرو اسٹڈی کے مطابق 88 فیصد پاکستانی لوگ موٹاپے کا شکار ہیں جبکہ پنجاب کے تقریباً شہروں میں 95 فیصد سے زیادہ لوگ موٹے ہیں۔ تقریباً 88 فیصد لوگ جسمانی عدم فعالیت اور غیر صحت بخش خوراک کے استعمال کی وجہ سے موٹاپے کا شکار پائے گئے ہیں، راول میڈیکل جرنل (RMJ) میں شائع ہونے والی پیش رفت کی تحقیق میں پتا چلا کہ 88 فیصد مرد اور خواتین موٹاپے کا شکار تھے جبکہ تقریباً 7 فیصد کا وزن زیادہ تھا، صرف 5 فیصد لوگ ایسے تھے جن کا باڈی ماس انڈیکس (BMI) نارمل تھا۔ سکھر سندھ اور آزاد کشمیر کے شہر میر پور میں جن لوگوں کا معائنہ کیا گیا ان میں 100 فیصد افراد موٹاپے کا شکار پائے گئے جبکہ پنجاب کے تقریباً تمام شہروں کے ساتھ ساتھ دارالحکومت میں 95 فیصد سے زائد افراد موٹاپے کا شکار تھے۔ ہماری تحقیق میں مردوں کے مقابلے خواتین میں موٹاپا دوگنا زیادہ پایا گیا، اس سروے میں 2,496 افراد نے حصہ لیا جن میں 66 فیصد خواتین اور 34 فیصد مرد تھے۔ جب کہ ان کی اوسط عمر 41 سال تھی، 2500 میں سے صرف 20 فیصد افراد جسمانی طور پر متحرک تھے۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ موٹاپا 63 فیصد میں روزمرہ کی سرگرمیوں اور 64 فیصد میں سماجی زندگی کو محدود کر دیتا ہے۔ اسلام آباد سے 95.1 فیصد، لاہور سے 90.1 فیصد، کراچی سے 83.6 فیصد، کوئٹہ سے 83.2 فیصد اور خانپور سے 72 فیصد افراد موٹاپے کا شکار پائے گئے۔ عام آبادی کی اکثریت اپنے وزن کو کم کرنے کے ساتھ، صحت عامہ کے ماہرین کو ابتدائی آگاہی مہم چلانے اور مختلف خطرے والے عوامل کی نشاندہی کرنے کے لیے احتیاطی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک پاکستانی سروے میں مزید کہا کہ 28 فیصد خواتین نے اپنے وزن کو 17 سے زیادہ اور 10 فیصد نے کم اندازہ لگایا جبکہ ایک ہندوستانی تحقیق کے مطابق جو لوگ خود کو اوسط وزن سمجھتے تھے ان میں سے 9 فیصد زیادہ وزن/موٹے اور 34 فیصد خواتین نے وزن کم کیا۔ ماہرین نے موٹاپے سے نمٹنے کے لیے قومی ایکشن پلان، قومی غذائی عادات میں تبدیلی اور قوم کو خاص طور پر جسمانی طور پر فعال بنانے کے لیے موٹاپے کے پھیلاؤ کو کم کرنے اور ہائی بلڈ پریشر سمیت غیر متعدی امراض (این سی ڈی) کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے ایک قومی ایکشن پلان پر زور دیا۔

پلیز سر جی آج اس تحریر کو ضرور چلانا آپ کی شکر گزار ہیں

میر عبداللہ جان محمد شہی کی فکر سوچ فلسفہ آج بھی بلوچستان کے عوام کے دلوں میں زندہ ہیں

منگچر قلات بلکہ بلوچستان کے خیر خواہ نیک دل انسان سیاسی قبائلی رہنماء مرحوم میر عبداللہ جان محمد شہی کی 29 ویں برسی آج عقیدہ احترام سے منائی جا رہی ہے۔

محمد شہی قبیلہ کے سیاسی سماجی قبائلی رہنماء قلات منگچر بلکہ سروان جھالاوان کے خیر خواہ مرحوم میر حاجی عبداللہ جان محمد شہی 21 جنوری 1994ء کو ہم سے ہمیشہ کیلئے جو وہ ہوا ان کی سوچ فکر فلسفہ آج بھی زندہ ہیں میر عبداللہ جان محمد شہی اپنے پورے زندگی علاقے کے غریب عوام کے خدمت ان کے مسائل اور قبائلی جنگ جھگڑوں کی حل کرنے کیلئے واقف کر دیا تھا میر صاحب قبائلی جنگ جھگڑوں کو بلوچی رسم رواج کے مطابق حل کرتے تھے منگچر قلات سمیت بلوچستان کے کونے کونے میں جہاں بھی قبائلی مسئلہ ہوتے تو میر صاحب اپنے ساتھیوں کے ساتھ وہاں پہنچ کر ان مسلوں کو ختم کرکے اپنے بلوچ بھائیوں کو شیر شکر کرتے میر عبداللہ جان محمد شہی پورے بلوچستان کیلئے ایک خیر خواہ لیڈر تھے میر صاحب شہید نواب اکبر خان بگٹی مرحوم سردار عطاءاللہ مینگل شہید نواب خیر بخش مری شیروں مری شہید عبدالخالق لانگو مرحوم نکری محمد رحیم محمد شہی مرحوم حاجی حیدر خان زہرازئی کے قریبی ساتھیوں میں سے ایک تھا میر عبداللہ جان محمد شہی 1945ء میں منگچر کے علاقے زرد غلام جان میں پیدا ہوا ابتدائی تعلیم اپنے آبائی گاؤں ذرد غلام جان کے سکول سے حاصل کرنے کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کیلئے قلات میں داود خان ماڈل سکول میں تعلیم حاصل کی جب تعلیم سے فارغ التحصیل ہوا تو وہ سیاسی میدان میں 1970ء میں قدم رکھا اور کئی بار صوبائی قومی اور سینٹ کے نشست

مقبول گل محمد شہی

پر الیکشن لڑے مگر قسمت نے ساتھ نہیں دیا اپنے زندگی میں ایک بار بھی الیکشن نہیں جیت سکے میر صاحب بہادری سے الیکشن میں حصہ لیا اور میدان میں مخالفین کے ساتھ الیکشن لڑے جب نتیجہ سامنے آتے تو وہ اپنے ہار کو بھی بہادری سے قبول کرتے تھے میر صاحب کی زندگی میں یہ خواہش پوری نہیں ہو سکی میر صاحب اپنے زندگی عوام کے لیے وقف کر دیا تھا مگر زندگی بے وفا ہو گئی میر عبداللہ جان محمد شہی کو ہم سے پہلے چھین گیا میر صاحب 21 جنوری 1994 کو کراچی کے ایک نجی اسپتال میں زیر علاج تھے اسی دوران ان کی حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے میر صاحب اس دنیا فانی سے رخصت کر گئے جن کی موت کا خبر سن کر آئل علاقے بلکہ پورا بلوچستان سوگوار ہوا سیاسی قبائلی اور پارٹی رہنماؤں نے اپنے اپنے تعزیتی پیغامات میں کہا کہ آج بلوچستان سے ایک خیر خواہ نیک دل انسان ہمیشہ کیلئے ہم سے جدا ہوا ہے جن کی خلاء محدود تو بلکہ صدیوں میں پور نہیں ہوگا میر عبداللہ جان محمد شہی پسماندگان میں چار بیٹے جن میں میر کبیر جان محمد شہی میر نوشیروان محمد شہی میر شبحان محمد شہی میر صمد خان محمد شہی چوڑے میر صاحب کے بڑے فرزند میر کبیر جان محمد شہی اب انکی نقش قدم پر چل رہے ہیں اور انکی خوابوں کو پورا کر رہے ہیں میر کبیر جان محمد شہی بھی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے والد محترم مرحوم میر عبداللہ جان محمد شہی کے سیاسی پارٹی کو جوائن کیا اور اپنے سیاست کا آغاز کیا اور اپنے والد مرحوم میر عبداللہ جان محمد شہی کی طرح علاقے کے قبائلی جنگ جھگڑو کو بلوچی رسم رواج کے مطابق حل کرتے ہیں گزشتہ نیشنل پارٹی کے دور میں میر کبیر جان محمد شہی کو سینٹ کا ٹکٹ بھی ملا اور چھ سال سینیٹر رہے سینٹ کے دوران میر کبیر جان محمد شہی نے ایوان بالا میں کھل کر بلوچستان کے مسائل پیش کیا اور وفاق سے بلوچستان کے حق حقوق مانگا میر عبداللہ جان محمد شہی اب ہمارے درمیان موجود نہیں مگر ان کی سوچ فکر فلسفہ پورے بلوچستان کے بلوچ بھائیوں کے ساتھ زندہ ہیں میر صاحب کبھی صدیوں سے ہمارے درمیان موجود نہیں مگر آج بھی محمد شہی قبائل کے دلوں میں زندہ ہیں محمد شہی قبائل اب صدیوں میں میر عبداللہ جان محمد شہی کی کمی کو پورا نہیں کر سکتے ہیں ہم دعا گو ہیں کہ اللہ پاک میر صاحب کے قبر کو جنت کے ایک باغ میں سے بنائے ان کی درجات بلند فرمائے آمین

☆☆☆☆☆

ریاست کا مستحسن اقدام

گزشتہ دنوں پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ریاست نے ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے اداکار فردوس جمال کو ایک کروڑ کی مالی امداد کا چیک پیش کیا، فردوس جمال گزشتہ کئی ماہ سے بیمار تھے، دسمبر میں اُن کے شوکت خانم ہسپتال میں جاری علاج کا اعلان ہوا جس کے بعد میرے بزرگ خالد عباس ڈار کے مطابق ریاست کی مشینری حرکت میں آئی اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اس حوالے سے فوری نوٹس لیتے ہوئے اپنے مشیر امیر مقام کے ذریعے چیک میری موجودگی میں فردوس جمال کو دیا، ساتھ ہی وزیر اعظم کی نیک خواہشات بھی پہنچائیں۔ اس موقع پر اداکار فردوس جمال کا کہنا تھا کہ وہ حکومت پاکستان کے دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں جس نے میرے علاج کے لئے مالی امداد کے طور پر ایک کروڑ روپے کا چیک دیا، وزیر اعظم شہباز شریف فنکار دوست ہیں، اُنہوں نے 50 سال فن کی خدمت کی ہے اس موقع پر اداکار فردوس جمال کا کہنا تھا کہ وہ حکومت پاکستان کے دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں جس نے میرے علاج کے لئے مالی امداد کے طور پر ایک کروڑ روپے کا چیک دیا، وزیر اعظم شہباز شریف فنکار دوست ہیں، اُنہوں نے 50 سال فن کی خدمت کی ہے اور وہ اس امداد کے حقدار ہیں۔ فردوس جمال کا مزید کہنا تھا کہ قائداعظمؒ نے پاکستان کو ایک اسلامی فلاحی ریاست بنایا تھا لیکن آج دیکھنے کی ضرورت ہے کہ ہم نے سیاسی رنجشوں میں اس کا کیا حال کر دیا ہے؟ اُنہوں نے کہا کہ جب تک معاشی اور اخلاقی ترقی نہیں کریں گے ہماری معیشت ترقی نہیں کر سکتی۔ فردوس جمال پانچ دہائیوں سے ریڈیو، فلم، سٹیج اور

مدثر قدیر

ٹی وی کے ذریعے اپنی خدمات عوام تک پہنچا رہے ہیں۔ 70ء کی دہائی ہو یا پھر آج کی سکرین، اُن کا فن آج بھی روشن ہے، وہ اپنے طرز اداکاری میں منفرد اہمیت کے حامل ہیں۔

میں بات کر رہا تھا ریاست کی ذمہ داری کی کہ ریاست تمام افراد کے لیے ماں کا درجہ رکھتی ہے جسے تمام طبقات کے حقوق کا خیال ہوتا ہے، میری جناب وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے درخواست ہے کہ ریڈیو پاکستان لاہور مرکز جو کبھی اُن کے حلقہ انتخاب میں آتا تھا وہاں کے صداکار اور کنٹریکٹ ملازمین دو ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں، صداکاروں میں ایسے لوگ موجود ہیں جن کی عظمت کا زمانہ معترف ہے۔ میں یہاں اُن کا نام نہیں لوں گا مگر انہی لوگوں کو حکومت پاکستان نے تمغۂ حسن کارکردگی بھی عطاء کر رکھا ہے، اُن پر نظر کرم فرمائیں، وزیر اطلاعات ونشریات کو چاہیے کہ اس حوالے سے نوٹس لیں تاکہ صداکاروں اور کنٹریکٹ ملازمین کی مالی مشکلات ختم ہو سکیں جیسے صوبائی حکومت نے اپنے دائرہ کار کے ذریعے آرٹسٹ ویلفیئر فنڈ کی رقم کو بڑھا دیا ہے، ویسے ہی وفاقی حکومت کو ایسا میکنزم بنانا چاہیے کہ اُس کے ذیلی اداروں میں کام کرنے والے اداکار، صداکار اپنے معاوضہ جات کی ادائیگی کے لیے فوجہ کتاں نہ ہوں۔

نئے سال کا آغاز ہو چکا ہے اس سال سے بڑی توقعات ہیں کہ ہر طبقے کے معاشی حالات درست ہو جائیں۔ 2022ء جاتے جاتے تاریخ رقم کر گیا جو طبی میدان میں ہوئی جس کا سہرا پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ کے پروفیسر آف یورالوجی خضر حیات گوندل کے سر ہے جنہوں نے بڑھے ہوئے پراسٹیٹ (غدود) کے علاج اور آپریشن کے لئے ملک میں پہلی بار جدید طریقہ REZUM متعارف کروا دیا جس کے مطابق مریض کی اوپن سرجری کی بجائے محض واٹر سٹیم انجیکشن لگا کر بڑھے غدود کا پروسیجر کامیابی سے مکمل کیا ہے۔ اس حوالے سے اُنہوں نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اس دوران مریض کو بیہوش کرنے کی بجائے مخصوص جگہ کو لوکل انستھیزیا دے کر پروسیجر مکمل کر لیا جاتا ہے اور یہ مختلف پیچیدہ امراض بشمول امراض قلب میں مبتلا فراد کے لئے بھی ایک محفوظ طریقہ ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ عمومی طور پر پراسٹیٹ کا بڑھنا بڑی عمر کے افراد کی بیماری ہے تاہم بعض کیسوں میں نوجوان افراد بھی پراسٹیٹ انفلامیشن کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ پراسٹیٹ (غدود) کے روایتی طریقے سے آپریشن کے بعد مریض میں بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں جبکہ REZUM جدید طریقہ علاج سے سرجری 30 منٹ سے کم وقت میں مکمل ہونے سے مریض کو ایک دن بھی ہسپتال میں قیام نہیں کرنا پڑتا، نہ ہی ادویات کی ضرورت پیش آتی ہے اور وہ روزمرہ کے معاملات زندگی بھی بلا تعطل شروع کر سکتا ہے۔ پروفیسر خضر حیات نے جدید طریقہ علاج تو متعارف کرا دیا مگر اب محکمہ صحت اور مخیر حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس ضمن میں آگے بڑھیں اور سرکاری سطح پر اس علاج کی سہولت کا بندوبست کریں کیونکہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ عوام کو جدید علاج کی سہولت مہیا کرے۔

☆☆☆☆☆

بلوچستان کے حقوق کی بات

ایک عرصہ ہوا حقوق بلوچستان پر مباحثے بور مزاکرے ہو رہے ہیں، مگر شاید عملی طور پر عوام اپنے حقوق سے تادم تحریر محروم ہی دکھائی دیتے ہیں۔ قدرتی گیس کے وسائل سے مالا مال بلوچستان ناراض ہو رہا ہے، واجبات کی عدم ادائیگی پر بلوچستان نے وفاق کو گیس بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ صوبائی وزیر خزانہ زمرک خان اچکزئی نے نمائندہ سماء سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اس وقت مشکل میں ہے، وفاق فوری مدد کرے، خیرات نہیں بلکہ اپنا حق مانگ رہے ہیں، اگر 75 ارب روپے کے بقایا جات مل جائیں تو بحران ختم ہو سکتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ اگر بقایا جات نہ ملے تو بلوچستان سے گیس کی سپلائی کو بھی بند کرنے کا آپشن موجود ہے، 18 ویں ترمیم کے بعد صوبے کو اختیار حاصل ہے، صوبے سے گیس سپلائی جاری ہے، بقایا جات نہیں مل رہے۔ زمرک اچکزئی نے کہا کہ وفاق کو مشکلات سے متعلق دو ٹوک الفاظ میں بتا دیا، وفاق ڈوبنے سے پہلے مدد کرے، پی پی ایل کے ذمہ بلوچستان کے 30 ارب روپے کے بقایا جات ہیں، 15 دن میں بقایا جات نہیں ملے تو بلوچستان حکومت فیصلہ کرے گی۔ وزیر خزانہ کا کہنا ہے کہ ہم وفاق کے ساتھ چلنا چاہتے ہیں، اکائیاں کمزور ہوں گی تو وفاق کمزور ہوگا، اگر گودار، سینڈک اور ریکوڈک ہمیں دے دیں ہم پورا ملک چلا سکتے ہیں۔ دوسری جانب بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری جنرل صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ وفاق نے بلوچستان کے رواں مالی سال کے 40 جبکہ گزشتہ مالی کے 11 ارب روپے ادا نہیں کئے فوری طور پر فنڈز ریلیز نہ کئے گئے تو آئندہ ماہ ملازمین کی تنخواہوں کے پیسے بھی نہیں ہونگے، وفاق سے بھیک نہیں بلکہ اپنا آئینی حق مانگ رہے ہیں، ملک میں نئے انتخابات کے لئے 75 ارب روپے درکار ہیں انتخابات کے لئے معاشی استحکام ضروری ہے، سیلاب کے لئے آنے والے 10 ارب ڈالر میں سے آدھا حصہ بلوچستان کو ملنا چاہیے، اب تک وفاق نے صوبے کو سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے کوئی رقم نہیں دی، اگر آئی ایم ایف یا کوئی دوسرا ادارہ ملک کو پیسے نہیں دے رہا تو اس میں مرکز کا قصور ہے صوبے کا نہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر بی این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی بھی موجود تھے۔ میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ پوری دنیا میں اس وقت معاشی بحران ہے جس نے پاکستان کو بھی اپنی لپیٹ میں لیا ہے بلوچستان اس وقت شدید مالی بحران سے دوچار ہے صوبے کے پاس تنخواہیں ادا کرنے کے پیسے بھی نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل، سی پیک، ریکوڈک، سینڈک، معدنیات کے چرچے پوری دنیا میں ہیں ہم ایک امیر خطہ ہونے کے باوجود بھی غربت کا شکار ہیں مرکز صوبے کی طرف اپنی ذمہ داری کو احسن انداز میں نہیں نبھا رہا بلوچستان کا آئین کے تحت این ایف سی ایوارڈ میں ملنے والا حصہ محفوظ ہے لیکن صوبے کو گزشتہ مالی سال کے دوران 11 ارب روپے کم ملے جبکہ رواں مالی سال کے اس کوارٹر کی ادائیگی جو کہ 40 ارب روپے کے قریب ہے نہیں کی گئی بلوچستان میں ترقیاتی کام ٹھپ ہو گئے ہیں پی ایس ڈی پی سے صوبے کا نظام چلتا ہے جو اس وقت منجمد ہے صوبے میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کے پاس سرکاری روزگار اور پی ایس ڈی پی سے ہونے والی آمدن کے ذرائع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جینوا میں ڈونر کانفرنس میں بلوچستان کی سیلاب سے تباہی دیکھا کر کے 10 ارب ڈالر کی امداد حاصل کی گئی ہے اس امداد پر سب سے پہلا اور زیادہ حق بلوچستان کا ہے کیونکہ صوبہ پاکستان کا آدھا حصہ اور سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہے اگر 10 ارب ڈالر میں سے ابتدائی طور پر بلوچستان کو 2 ارب ڈالر ملیں تو وقتی طور پر صوبے کے بنیادی مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے بعد پاکستان کو دنیا بھر سے 2 ہزار ملین روپے کی امداد ملی کہا گیا کہ صوبے کو 8 ارب روپے دیئے جائیں گے یہ رقم پہلے 4 ارب کی گئی پھر 2.5 ارب اور آج کی تاریخ تک بلوچستان کو ایک ڈھیلہ بھی نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا استحصال اور صوبے کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے ہمیں ہمارا آئینی حق دیا جائے وزیر اعظم نے نصیر آباد اور قلعہ سیف اللہ میں 10 ارب روپے دینے کا اعلان کیا لیکن اب تک ایک پیسہ نہیں ملا وزیر اعظم نے صحبت پور میں سیلاب متاثرین کی بحالی اور امداد کے بجائے ایک دانش اسکول کی مرمت کے کام کا جائزہ لیا بلوچستان کے عوام کو دیوار سے نہ لگایا جائے ہم جمہوری انداز میں اپنا احتجاج پارلیمان، میڈیا سمیت دیگر فورمز پر جاری رکھیں گے اور اپنا حق نہیں چھوڑیں گے۔ میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے زمینداروں کے سیلاب میں 300 ارب روپے کے نقصانات ہوئے ہیں ایران میں سیلاب آیا وہاں کی حکومت نے زمینداروں اور کسانوں کو قرض، ٹریکٹر، کھاد سمیت دیگر سہولیات مہیا کیں جس سے وہ آج دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہیں ہم نے وفاقی حکومت سے 10 ہزار ٹریکٹر، 200 بلڈوزر مانگے وہ بھی نہیں دیئے گئے صوبائی حکومت نے پی ایس ڈی پی، نان ڈویلپمنٹ اخراجات، آن گوئنگ اسکیمات پر کٹ لگایا اور اپنے وسائل سے 4 ارب روپے کے بیج کسانوں میں تقسیم کئے ہیں صوبے کے زمیندار اور کسان سیلاب کے بعد ذہنی مریض بن گئے ہیں بلوچستان کے ساتھ استحصالی ذہنیت کو ختم کرکے جیو اور جینے دو کی پالیسی اپناتے ہوئے زخموں پر مرہم رکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اے معیشت کی بہتری کے نعرے کے ساتھ آئی تھی آج ڈالر کی قیمت 260 روپے تک پہنچ گئی ہے، آئی ایم ایف، ورلڈ بینک سمیت دیگر مالیاتی ادارے ہمیں امداد اور قرض دینے کے لئے شرائط رکھ رہے ہیں کیونکہ انہیں خدشہ ہے کہ ہم قرض اور امداد کو درست انداز میں خرچ نہیں کریں گے پاکستان میں 75 سال تک لئے گئے قرض کا 5 فیصد بھی بلوچستان پر خرچ نہیں ہوا لیکن صوبے پر نقصان کا برابر بوجھ ڈالا جاتا ہے۔ اگر مرکزی آئی ایم ایف سے ڈیل نہیں ہو رہی تو یہ مرکز کی ناکامی ہے ہم وفاق سے خصوصی بیج نہیں اپنا حق مانگ رہے ہیں۔ وفاق نے اگرچہ بلوچستان کو فنڈز دینے سے انکار نہیں کیا لیکن انکی ہاں آج بھی کمزور ہے مرکز سے معلوم نہیں کہ وہ پیسے کب دیں گے کیا یہ رقم کسی اونٹ پر لاد کر لائی جا رہی ہے جو صوبے کو اب تک پیسے نہیں ملے؟ صوبے کے مالی حالات کا یہی سلسلہ جاری رہا تو اگلے ماہ ملازمین کو تنخواہیں بھی ادا نہیں کر سکیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ پاکستان میں نئے انتخابات کروانے کے لئے 75 ارب روپے کی ضرورت ہے اس رقم کے لئے معیشت کا مستحکم ہونا ضروری ہے خزانے میں پیسے نہیں ہیں کیا ہم ہر چیز کے لئے چندہ اکٹھا کریں گے ملک ایسے نہیں چلائے جاتے تمام جماعتوں کو چاہیے کہ وہ اپنے مفادات کو پس پشت رکھتے ہوئے ملک بچانے کا سوچیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت انقلاب کی ضرورت ہے یہ انقلاب جمہوری ہونا چاہیے جہاں عوام کرپٹ اور غلط لوگوں کو پارلیمان میں آنے سے روکیں جمہوریت میں مداخلت اور بیرا شوٹر کاروباری لوگوں کو اسمبلی میں آنا بند ہونا چاہیے ملک میں چار سے پانچ بار شفاف انتخابات کے بعد ہی نظام بہتر انداز میں چل سکتا ہے عوام کے مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت کی 12 سو آسامیوں پر 50 ہزار لوگوں نے کاغذات جمع کروائے لیکن اس پر بھی سٹے لے لیا گیا بلوچستان میں انارکی کسی کے حق میں بھی نہیں ہے مرکز اور صوبوں کو ایک پیج پر آنا ہوگا

پنجاب، مریم نواز اور انکلز (آخری قسط)

ناصر چودھری

سیاست کرنے کی پوزیشن میں رہتے ہیں؟ چوہدری پرویز الٰہی اعتماد کا ووٹ نہ بھی لے پائیں تو بھی وہ سیاسی طور پر متحرک رہیں گے، مونس الٰہی اس وقت یورپ میں کسی مشن پر ہیں جبکہ چوہدری شجاعت حسین کی پُراسرار خاموشی کسی بڑے سیاسی طوفان کا پیش خیمہ معلوم ہوتی ہے۔ پنجاب میں پی ٹی آئی کے رہنما چار مختلف ٹولیوں میں بٹ جائیں گے۔ جنوبی پنجاب والے زیادہ تر پیپلز پارٹی کا رخ کریں گے جبکہ وسطی اور شمالی پنجاب والے مسلم لیگ (ن)، مسلم لیگ (ق) اور ایک نئی متوقع پارٹی میں جاتے نظر آئیں گے۔ سیاست دانوں کا ایک پارٹی سے دوسری پارٹی میں آنا جانا لگا ہی رہتا ہے، اصل مایوسی اُن نوجوانوں کو ہوگی جو عمران خان کو مسیحا سمجھ بیٹھے تھے۔ اُن میں سے زیادہ تر ایسے ہیں جن کی سیاست میں دلچسپی نئی نئی ہے اور انہیں پاکستان اور پنجاب کی سیاسی تاریخ کا ذرا سا اندازہ بھی نہیں ہے۔ ان نووارد سیاسی سپورٹرز کا کیا ہوگا، اس کے بارے میں کہنا مشکل ہے کہ کیا یہ کسی اور پارٹی کے سپورٹر بن جائیں گے، عمران خان کے ساتھ اُن کی بھی سیاست میں دلچسپی ختم ہو جائے گی یا پھر یہ کوئی نیا مسیحا ڈھونڈ لیں گے؟ ان سوالات کے جواب آنے والے مہینوں میں ملتے جائیں گے۔

مسلم لیگ (ن) نے مریم نواز شریف کو پارٹی کا سینئر نائب صدر مقرر کر دیا ہے جو اس بات کی طرف بہت اہم قدم ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی آئندہ قائد مریم نواز شریف ہوں گی۔ اگر کسی کو پہلے کوئی غلط فہمی تھی تو اب دور ہو جانی چاہئے۔ دو باتیں بہت اہم ہیں، پہلی یہ کہ موروثی سیاست کے خلاف اگر ایک ہزار لیکچر دیئے جائیں تو بھی یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ برصغیر کی سیاست میں کوئی بھی سیاسی پارٹی ایک مرکزی لیڈر کی قیادت میں ہی متحد رہ سکتی ہے اور اگر وہ قائد نہ رہے تو پارٹی بھی ٹوٹ پھوٹ جاتی ہے یقیناً کچھ پارٹیاں ہیں جو شخصیت کی بجائے نظریے پر چلتی ہیں لیکن اُن کی تعداد بہت کم ہے۔ مسلم لیگ پاکستان کی بانی جماعت ہے لیکن پاکستان بننے کے ایک سال بعد ہی قائداعظمؒ کی وفات کے بعد تقریباً نصف صدی تک کوئی مرکزی قائد نہ ہونے کی وجہ سے اس میں بار بار ٹوٹ پھوٹ ہوتی رہی اور درجنوں کی تعداد میں مسلم لیگیں بنتی اور ٹوٹتی رہیں، بالآخر میاں نواز شریف نے مسلم لیگ کے مرکزی قائد کے طور پر پارٹی کو مضبوط بنایا اور اب پچھلے 30 سال سے مسلم لیگ (ن) مرکزی قائد کے گرد اکٹھی ہے۔

میاں نواز شریف کی عمر اور صحت متقاضی ہے کہ اب اگلی مرکزی قیادت کا سوچا جائے، یہی وجہ ہے کہ مریم نواز شریف کو اب پارٹی کی ڈپٹی قائد کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔ پچھلے چند سال میں وہ سیاست میں انتہائی متحرک رہی ہیں، 12 میں سے 11 ضمنی انتخابات میں ان کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے کامیابی حاصل کی۔ اُن کے جلسے کرشماتی طور پر کامیاب ہوتے ہیں اور عوام ان کے پیچھے چلتے ہیں، اس لئے اُن کی اس مقناطیسی شخصیت کی وجہ سے مسلم لیگ (ن) کی اگلی قائد ہونے کے لئے وہ موزوں ترین شخصیت ہیں اور یہ بات موروثی سیاست کی نہیں بلکہ سو فیصد میرٹ کی ہے۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ جب بھی قیادت پچھلی سے اگلی نسل کو منتقل ہوتی ہے تو نیا قائد اپنی ٹیم بناتا ہے اور بہت سے پرانے "انکلوں" سے جان چھڑانا ضروری ہو جاتا ہے کیونکہ یہی قانون قدرت بھی ہے۔ پیپلز پارٹی کی قیادت بے نظیر بھٹو کے پاس آئی تھی تو انہوں نے اپنے والد کے ساتھ چلنے والے بہت سے انکلوں سے جان چھڑائی تھی، یہ بہت ضروری ہوتا ہے کیونکہ ان میں سے کئی انکل محض سیاسی لاشیں ہوتی ہیں جنہیں کندھے پر اٹھائے پھرنا ممکن نہیں ہوتا۔ ایک اور بات یہ کہ کچھ انکل صرف اپنے نام کی بنیاد پر نئی قیادت کو بلیک میل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور بغاوت تک کی دھمکیاں دینے لگتے ہیں (حالانکہ ان کی اپنی سیاسی حیثیت صفر ہوتی ہے)، ان میں سے کچھ اپنی اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجدیں بھی بنانے کی کوشش کرتے ہیں جیسے ذوالفقار علی بھٹو کے بعد غلام مصطفیٰ جتوئی اور غلام مصطفیٰ کھر نے نیشنل پیپلز پارٹی یا مولانا کوثر نیازی نے پروگریسو پیپلز پارٹی بنائی تھی۔ اچھا قائد وہی ہوتا ہے جو بلیک میلروں سے جان چھڑا کر اپنی ایک نئی اور متحرک ٹیم بنائے جس کے پاس نئے آئیڈیاز، انرجی اور آگے بڑھنے کی لگن ہو۔

پنجاب کا سیاسی کھیل (آخری قسط)

محسن گواریہ

جبکہ تحریک عدم اعتماد کی صورت میں اپوزیشن کے لئے معاملہ پیچیدہ ہوگا کیونکہ سپریم کورٹ کے ایک فیصلے کے مطابق کوئی بھی رکن اسمبلی ووٹ کاسٹ ہی نہیں کر سکے گا، اگر اس نے پارلیمانی لیڈر کی ہدایت کے برعکس ووٹ ڈالا یعنی دوسرے لفظوں میں اپوزیشن کے پاس حکومتی اراکین کو اپنے ساتھ ملانے کا بھی کوئی خاص فائدہ نہیں ہو گا۔ تحریک انصاف کے ارکان انفرادی طور پر کیا سوچ رکھتے ہیں اس سے قطع نظر پارٹی سربراہ اور پارلیمانی لیڈر کے فیصلوں کو آئینی حیثیت حاصل ہے۔ سپریم کورٹ بھی ایوان میں پارلیمانی لیڈر کو ہی ارکان اسمبلی کا لیڈر تسلیم کرتی ہے مگر ماضی قریب میں بھی ڈپٹی سپیکر دوست محمد مزاری کی طرف سے چوہدری شجاعت کے خط پر مسلم لیگ (ق) کے دونوں کو شمار نہ کرنے کے خلاف پرویز الٰہی نے عدالت عظمیٰ میں یہی موقف اپنایا تھا کہ پارلیمانی امور میں فیصلے پارلیمانی لیڈر کے ہوتے ہیں اور اس موقف کو عدالت نے تسلیم بھی کیا تھا لہٰذا امکان ہے اس حوالے سے درخواست پہلی یا دوسری پیشی میں ہی خارج کر دی جائے، اب صورت یہی رہ جاتی ہے کہ وفاقی حکومت تحریک انصاف اور مسلم لیگ (ق) کے ارکان کو اعتماد کا ووٹ لینے کے روز اس سارے عمل سے دور رکھے اگر وہ چند ارکان کو بھی مائل کر پائی تو پرویز الٰہی کے لیے مشکلات کھڑی ہو سکتی ہیں، ویسے پرویز الٰہی بھی منجھے ہوئے کھلاڑی ہیں اور وہ روٹھوں کو منانے کے ہنر سے بخوبی آگاہ ہیں۔

وفاق میں حکمران اتحاد کو اگر اس مرحلے پر مناسب کارڈز مناسب وقت پر کھیلنے کی ضرورت ہے تو پرویز الٰہی کو بھی احتیاط کی ضرورت ہے اور بہت سوچ سمجھ کر پتے شو کرنا ہوں گے، بدھ آنے کو ہے اور اس روز کس کا کام سدھ ہوتا ہے، یہ جلد پتہ چل جائے گا۔

"دگر

شال بقیہ 1

مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ واقعے سے پوری دنیا میں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے جس پر عالم اسلام میں شدید غم و غصہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ دنیا میں کسی بھی مذہب اور مقدس کتوب کی توہین کرنا ناروا اقدام ہے جبکہ اسلام کسی بھی مذہب کی توہین کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ مذہب کے خلاف وحشیانہ اقدام سے مذہبی منافرت بڑھتی ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ یہ واقعہ مسلم اُمہ کے خلاف ایک سازش ہے جبکہ ایک مخصوص گروہ کا اس قسم کی حرکت پر انسانی حقوق کے اداروں کی خاموشی انتہائی تشویشناک ہے۔ کسی بھی مذہب اور مقدس مقامات کی بے حرمتی سے عالمی امن کو خطرات لاحق ہونگے۔ سویڈن حکومت کی ذمہ داری ہے کہ بدامنی پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ انھوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت ہر فورم پر اس کے خلاف آواز بلند کرے گی۔

شال بقیہ 2

میں کامیاب ہو جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیالکوٹ کی یونین کونسل احمد پورہ کے دورے کے دوران علاقہ مکینوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ خواجہ محمد آصف عوام میں گھل مل گئے اور انکے مسائل سن کر موقع پر ہی انکے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے حکام کو احکامات جاری کیے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ قوم کی بیٹی مریم نواز شریف اپنے علاج کے بعد وطن واپس تشریف لا رہی ہیں عوام انکا پرجوش استقبال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کی آمد سے ہماری جماعت مستحکم ہوگی اور ہم پنجاب میں انتخابات کے لیے اپنی مہم شروع کریں گے۔ یونین کونسل احمد پورہ آمد پر سابق چیئرمین حاجی شیخ عبدالقدیر اور وائس چیئرمین چوہدری نصیر احمد نے اپنے ساتھیوں سمیت خواجہ محمد آصف کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر سابق وزیر جیل خانہ جات آزاد جموں و کشمیر چوہدری محمد اسحاق، چوہدری سکندر، رکن اسمبلی، شہباز بھٹی، وزیر امین حاجی نسیم بٹ سمیت یونین کونسل احمد پورہ کے سابق چیئرمین حاجی شیخ عبدالقدیر، وائس چیئرمین چوہدری نصیر احمد، خواجہ سلطان نجم، رانا وحید، محفوظ قریشی، ملک تاج دین، نصیر سعید مغل اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

شال بقیہ 3

دھبے جس کے اثرات ملک پر پڑے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر بلوچستان پیس فورم کے سربراہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی، مصطفیٰ نواز کھوکھر، مفتاح اسماعیل اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ کل کوئٹہ میں قومی ڈائیلاگ منعقد ہوا تھا جس میں ہم سب نے غیر جماعتی بنیادوں پر ملکی مسائل سے متعلق گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب ملکی سیاسی صورتحال کے ذمہ دار ہیں، ہم آئین کی بات کرتے ہیں لیکن آئین پر مکمل عمل نہیں کرتے، آج کی سیاست انتقام اور دشمنی کی سیاست بن گئی ہے، آج سیاست ایک دوسرے کو گالی دینے اور الزامات لگانے کا نام ہے، یہ سیاست ملک کے مسائل حل نہیں کرسکتی۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ان سب مسائل پر بات کرنے کے لیے ایک فورم رکھا جس کی ابتدا کوئٹہ سے ہوئی ہے، حقائق وہ نہیں جو ٹی وی پر دکھائے جاتے ہیں یا اخبارات میں بتائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حقائق بہت تلخ ہیں، پاکستان کے پاس مسائل کو کوئی معجزاتی حل نہیں ہے، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ملکی مسائل حل ہوں تو ہمیں سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر ملکی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئین کے مطابق تمام فیصلے کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو سیاسی استحکام کی ضرورت ہے بلوچستان کے مسائل کی وجہ یہاں کے غیر نمائندہ لوگ ہیں جو اسمبلی میں بھیجے جاتے ہیں یہ ممکن نہیں ہے کہ لٹشیں بنا کر کسی کو جتوادیں اور کسی کو ہرا دیں بلوچستان کے پارلیمنٹیرینز کیا بلوچستان کے مسائل کا حل تلاش سکے یا انکی نمائندگی کررہے ہیں یہی تمام مسائل کی بنیادی وجہ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک کے مسائل کا حل آئین پر عملدآمد پر ہے اگر ملک کو نئے آئین کی ضرورت ہے تو وہ بھی کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف کے ساتھ جو ناانصافیاں ہوئیں ہیں انکا ازالہ کرنا چاہیے یہ عدلیہ کا کام ہے کہ وہ اپنے فیصلوں کے اثرات کو دیکھے جو پاکستان پر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت دیگر صوبوں کی بجلی اور گیس انہیں دے دی جائے تاکہ صوبے خود انہیں چلائیں اس بات کی تجویز بطور وزیر اعظم سی سی آئی میں بھی دی تھی لیکن آج تک اس پر کوئی قرارداد نہیں آئی۔

شال بقیہ 4

مسلمان قرآن مجید کی بے حرمتی کسی بھی صورت برداشت نہیں کرتے ہے بھارت میں آزان پر پابندی عائد کرنے کی بھی مذمت کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ دنیا میں کسی بھی مذہب اور مقدس کتاب کی توہین کرنا ناروا اقدام ہے جبکہ اسلام کسی بھی مذہب کی توہین کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ مذہب کے خلاف وحشیانہ اقدام سے مذہبی منافرت بڑھتی ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ یہ واقعہ مسلم اُمہ کے خلاف ایک سازش ہے جبکہ ایک مخصوص گروہ کا اس قسم کی حرکت پر انسانی حقوق کے اداروں کی خاموشی انتہائی تشویشناک ہے۔ کسی بھی مذہب اور مقدس مقامات کی بے حرمتی سے عالمی امن کو خطرات لاحق ہونگے۔ سویڈن حکومت کی ذمہ داری ہے کہ بدامنی پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے بھارت میں مسجدوں میں آزان پر پابندی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری بھارت میں مسلمانوں پر مظالم کا نوٹس لے انہوں نے کہا کہ بھارت میں آزان پر پابندی اور مسجدوں میں آزان دینے پر مسجدوں پر پابندی سے مسلمانوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔

شال بقیہ 5

عملدرآمد سے بلوچستان میں ترقی و خوشحالی کا نیا دور شروع ہو رہا ہے۔ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور بلوچستان کی معاشی خودمختاری کی جانب اہم پیش رفت ثابت ہو گا۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ پر تمام اسٹیک ہولڈر کو اعتماد میں لیا گیا ہے اس لئے یہ ایک عوامی نمائندگی کا حامل منصوبہ ہے جس سے عوام کی فلاح و بہبود ممکن ہو سکے گی۔

شال بقیہ 6

تو یہ ناجائز ہوگا۔ صوبائی وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ بلوچستان سے گیس کے ذخائر نکالنے والی سرکاری کمپنی پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) پر بلوچستان حکومت کے 30 ارب روپے سے زائد کے واجبات ہیں لیکن کمپنی بلوچستان حکومت کے اصرار اور بار بار مطالبے کے باوجود بقایا جات ادا نہیں کررہی۔ گیس کی فراہمی بند کرنے کے سوال پر صوبائی وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ہم کرسکتے ہیں ہم سب کچھ کرسکتے ہیں اگر ہم کرنا چاہیں لیکن ہم روایتی لوگ ہیں ہم آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی بھی چاہتے ہیں ہم جمہوری لوگ ہیں ہم نہیں چاہتے کہ ہم

وفاق کو کمزور کرنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کے 600 ارب روپے کے سالانہ بجٹ میں 380 ارب روپے تنخواہوں، پنشن اور غیر سرکاری اخراجات پر خرچ ہوتے ہیں۔ باقی 192 ارب روپے کے لگ بھگ ترقیاتی بجٹ ہے، بجٹ میں پہلے سے 80 ارب روپے کا خسارہ ہے۔ بلوچستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی، ہر شعبہ متاثر ہوا، نصیر آباد ڈویژن مکمل ڈوب گیا۔ لوگوں کی امداد اور بحالی کے کاموں پر خطیر رقم خرچ ہونے کی وجہ سے صوبے پر مالی بوجھ بڑھ گیا۔ دوسری جانب وفاق سے فیشل فنانس کمیشن کے تحت مختص 9.9 فیصد حصے میں سے کٹوتی کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر زمرک اچکزئی کا کہنا تھا کہ ہم خیرات نہیں مانگ رہے، اپنا جائز حق مانگ رہے ہیں جو آئین و قانون نے ہمیں دیا ہوا ہے جبکہ این ایف سی کے حصے میں سے بار بار کٹوتیاں ہو رہی ہیں۔ صوبائی وزیر خزانہ کے مطابق پچھلے سال کے این ایف سی میں سے بلوچستان کو اپنے حصے سے 11 ارب اور رواں مالی سال میں اب تک 27 سے 30 ارب روپے کم ملے ہیں سیلاب متاثرین کے لیے بیرون ملک سے آنے والی امداد میں بلوچستان کو نظر انداز کیا گیا، وفاق نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔ جون سے لے کر اب تک مسلم اور یورپی ممالک اور عالمی اداروں نے جتنی مدد کی، ریکارڈ اٹھالیں میں دعوے سے کہتا ہوں بلوچستان کو ایک روپیہ نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں گوادر، ریکوڈک، سینڈک منصوبے اپنے ہاتھ میں دے دیے جائیں تو ہم پورا ملک چلا کردیں گے۔ لیکن اگر زبردستی ہم سے ہماری چیزیں بھی لیے جا رہے ہیں اور ہمیں حصہ بھی نہیں دے رہے تو پھر تو یہ ناجائز ہے۔

شال بقیہ 7

کا غذ جمع کروائیں، پھر دیکھیں کہ نارووال کے عوام عمران نیازی کے بت کو کیسے توڑتے ہیں، عمران خان کو دعوت دیتا ہوں، خود الیکشن لڑیں، نارووال کے عوام کے ہاتھوں ایسی عبرت ناک شکست کھائیں گے کہ سیاست بھول جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مریم نواز پاکستان واپس آرہی ہیں، پورے ملک میں تنظیم نو کے لئے اپنا کردار ادا کریں گی، مریم نواز پارٹی کے لئے اثاثہ ہیں، نواز شریف بھی جلد وطن واپس آئیں گے، پوری پارٹی نواز شریف کی قیادت میں متحد ہے، پورے پاکستان کو پتا لگ گیا ہے کہ نواز شریف کو سازش کے ساتھ نااہل کیا گیا تھا۔ احسن اقبال نے کہا کہ 2018ء میں عمران خان کو دھاندلی کے ذریعے پاکستان پر مسلط کرکے پاکستان کو کرپش کردیا گیا، 4 سال بدترین انتقامی کارروائیاں کی گئیں، احتساب کے نام پر عوام کے اربوں روپے اڑائے گئے۔

شال بقیہ 8

کی جانب سے اسلام مخالف مظاہروں اور اس میں ہمارے مقدس کتاب قرآن مجید کی بے حرمتی اور اسلام کے خلاف انتہا پسندوں اور شرپسندوں کی جانب سے زہر اگلنے کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے، انہوں نے کہا کہ اسلاموفوبیا پر مبنی اشتعال انگیزی خوفناک ہے، سویڈن میں اظہار رائے کی آزادی ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ سویڈن کی حکومت یا اس کے شہری آزادی اظہار رائے کا لبادہ اوڑ کر ہمارے مقدس کتابوں کی توہین کریں۔ اسلاموفوبیا کو فروغ دینے کی کارروائی سے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچی، مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانا اظہار رائے کی آزادی میں نہیں آتا۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی دنیا اور انسانی حقوق کے علمبردار نفرت انگیز عمل کی روک تھام کی ذمہ داری نبھائیں اور تشدد پر نہ اکسانے کی ذمہ داری نبھائیں۔ حاجی میٹھا خان کاکڑ نے کوئٹہ اور اس کے اطراف میں گیس کے سنگین تر ہونے والے مسئلے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی عوام کو گیس کی فراہمی کیلئے فوری اقدامات اٹھائیں سخت سردی میں عوام کے پاس جلانے کیلئے کوئی شے نہیں ہے سوئی سدرن گیس کمپنی اپنی ذمہ داری سے غافل ہونے کی بجائے عملی طور پر اقدامات اٹھائیں تاکہ عوام کی مشکلات آسان ہوسکیں۔

شال بقیہ 9

کیا ہوا؟، پانچ گیرٹ کا ہیرہ ہی تو لیا ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ فارن فنڈنگ کر کے ملک کے خلاف دشمنی کی، تو کیا ہوا؟ ٹرکوا کے پیسے ہی تو چوری کئے ہیں، تو کیا ہوا؟ ٹرسٹ کا پیسہ ہی تو کھایا ہے، تو کیا ہوا؟۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کے نام پر 458 کنال اراضی رشوت لی، تو کیا ہوا؟ بشریٰ بی بی کے ساتھ مل کر پنجاب کی ہر نوکری، ہر عہدہ بیچا، تو کیا ہوا؟ جن کو چور کہتے تھے پاکستان میں برطانیہ کی بھی کسی عدالت میں جھوٹے الزام ثابت نہیں کر سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران خان اسی لئے عدالت میں پیش نہیں ہوتے کیونکہ اگر ہوئے تو تمام کئے ہوئے جرائم کا اعتراف کرنا پڑے گا۔

شال بقیہ 10

سابق وزیر خزانہ نے کہا کہ ستمبر تک ملک کے حالات بہتر تھے اور ڈیفالٹ کا خطرہ نہیں تھا، اگر اس وقت ہی اہم فیصلے کر لیے جاتے تو بہتر تھا۔ انہوں نے پروگرام میں کہا کہ ایکسپورٹ بڑھانے اور امپورٹ کم کرنے کے علاوہ معیشت کی بحالی کا کوئی طریقہ نہیں، معیشت کی بحالی کے لیے صنعتی و زرعی پیداوار کو بڑھانا ہوگا۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ ہمیں اس وقت برآمدات پر فوکس کرنا چاہیے، حکومت کو معیشت سے متعلق بڑے فیصلے لینے ہوں گے، بیوروکریسی اور سیاست دانوں میں اہلیت کا فقدان ہے، ہمیں پرائیویٹائزیشن کے قانون کو آسان کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 11

انہوں نے لوگوں سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ عدلیہ نے مصلحت کے تحت ایسے فیصلے بھی کئے جو قانون اور آئین سے ہٹ کر تھے، ایک منتخب وزیر اعظم کو غیر آئینی طریقے سے حکومت سے نکالا گیا۔ انہوں نے کہا اسٹیبلشمنٹ نے بھی آئین سے ہٹ کر کام کئے ہیں اور آئین سے بڑھ کر دخل اندازی کی۔ انہوں نے ایک ٹی وی کے ڈائریکٹر نیوز اور دیگر صحافیوں کیخلاف درج سنگین مقدمات اور ارشد شریف شہید کے قاتلوں کی گرفتاری نہ ہونے پر کہا کہ حکومت آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے اور ایسے قوانین لے کر آئے ہیں کہ صحافت مزید آزاد ہو۔ انہوں نے کہا عمران خان نے پونے چار سال میں ملک کی معیشت سیاست اور ملک کی ساکھ کا بیڑہ غرق کردیا، اب بھی ملک کو غیر مستحکم کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، مگر یہ جان لے پاکستان ڈیفالٹ نہیں ہوگا، ہم نے پاکستان کو نہ صرف ڈیفالٹ سے بچالیا ہے بلکہ آنے والے دنوں میں ملک کی معیشت مستحکم ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سب سے بڑی جماعت ہے، پنجاب اسمبلی کے انتخابات میں کلین سویپ کریں گے، پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں اگر دیگر اتحادی جماعتوں نے حصہ لیا تو باہم مشاورت سے ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عمران خان دوبارہ اقتدار میں آنے کے خواب دیکھنا چھوڑ دے، اب وہ کبھی اقتدار میں نہیں آسکتا کیونکہ قوم اس کا چہرہ پہچان چکی ہے، اس سے ملک و قوم کو خیر کی کوئی توقع نہیں، عمران جو دعوے کررہا ہے کہ ہمارے ارکان ان سے رابطہ

میں ہیں وہ سن لے اگر پونے چار سال اس کے مقدار میں ہم نے اس کے ناجائز مقدمات کا سامنا کیا اس وقت لوگ نہ ٹوٹے تو اب کیسے نواز شریف اور شہباز شریف کا ساتھ چھوڑ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا آج جو مہنگائی ہے، روزگاری معیشت کا برا حال ہے عالمی سطح پر ملک کی ساکھ کو جو نقصان ہے اس کا عمران خان ذمہ دار ہے، حکومت نے ملکی مفاد میں عمران سمیت سب جماعتوں کو دعوت دی آئیں اور مل کر پاکستان کی خوشحالی کیلئے کام کریں مگر عمران خان نے پاکستان اور عوام کا نقصان کیا۔

شال بقیہ 12

میں بسنے والے مسلمانوں کے احساسات و جذبات بری طرح مجروح ہوئے ہیں، اس گھناؤنے فعل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں کہا کہ اسلام ایک پرامن مذہب ہے اور تمام مذاہب کی تعلیمات اور عقائد کے احترام کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار رائے کی آڑ میں کسی کو بھی دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کی مقدس مذہبی کتابوں کی بے حرمتی کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کے بہیمانہ واقعات سے دلوں میں ایک دوسرے کیلئے نفرتیں پیدا ہوتی ہیں جو دنیا کے امن کے لیے خطرے کا باعث ہیں۔ انہوں نے اس گھناؤنے فعل میں ملوث عناصر کے خلاف فوری ایکشن لینے کی ضرورت پر زور دیا۔

شال بقیہ 13

میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ عمران خان احتساب کے نام پر نواز شریف کو بنانے اور مسلم لیگ ن کو نشانہ بنانے کی سازش میں شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ 2013ء سے عمران خان ملک میں انتشار اور افراتفری کا ایجنٹ بن کر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے سماج کو پولرائز کیا ہے اور ریاستی اداروں کو کمزور کیا ہے۔

شال بقیہ 14

جاری بیان کیمطابق بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پولیس چوکیوں پر مسلسل حملے اس بات کا ثبوت ہیں کہ بہادر پولیس اہلکار اور افسر دہشتگردوں کے عزائم خاک میں ملا رہے ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ان کی تمام تر ہمدردیاں پختونخوا پولیس کے خاندانوں سے ہیں جن کے پیارے عوام کی حفاظت کے لئے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سکیورٹی فورسز اور پولیس بہادری کے ساتھ وطن دشمنوں کے عزائم خاک میں ملاتے رہیں گے۔ انہوں نے پولیس کے شہید جوان کے لئے بلند درجات اور زخمیوں کے لئے بھی جلد صحتیابی کی دعا بھی کی۔

شال بقیہ 15

حادثے کا شکار ہوگئی حادثے میں دو افراد جان بحق ہوگئے پولیس کے مطابق حادثہ روڈ پر کھڑی خراب مال بردار ٹرک کی وجہ سے پیش آیا جو گزشتہ دو روز سے خراب حالت میں کھڑی تھی لیکن موڑ دے پولیس کی جانب سے اسے حفاظتی حصار میں نہیں لیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق حادثے میں گوادر پریس کلب کے صحافی یعقوب بلوچ کے بھائی اسماعیل بلوچ اور اُس کا دوست جاوید علی جان بحق ہوگئے جبکہ صادق سرور نامی نوجوان شدید زخمی ہے جسے علاج کے لیے کراچی منتقل کردیا گیا۔

شال بقیہ 16

اسسٹنٹ کمشنر سریاب نثار احمد لانگو کی زیر نگرانی سریاب کے مختلف علاقوں بشیر چوک، بجوسہ منڈی اور ہزار گنجی میں عوام کو سرکاری نرخ پر آٹا تقسیم کیا گیا اس موقع پر کسی بھی قسم کی بدنظمی کو روکنے کیلئے لیویز اہلکاروں کو بھی تعینات کیا گیا ہے تاکہ عوام کو بلا تعطل و بلا کسی تکلیف کے آٹا میسر ہوسکے، اسسٹنٹ کمشنر سریاب کوئٹہ نثار احمد لانگو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں انتظامیہ جاری کردہ شیڈول کے مطابق مختلف پوائنٹس پر آٹا تقسیم کررہی ہے۔ عوام کی سہولت کے لیے صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہیں۔

شال بقیہ 17

کو صحت عامہ کی فراہمی کو ان دہلیز پر حل کرنے کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال گوادر کے kidney center میں مشینری کی installation کا کام انجینیر زکی طرف سے جاری ہے اور اگلے ایک سے دو دن کے اندر اندر گردے وارڈ میں مشینری کے لیے آرو پلانٹ کے ساتھ ساتھ گردے صفائی کی تمام مشینری کو انسٹال کیا جائے گا اور انشاء اللہ بہت جلد ٹیسٹنگ سمیت دیگر تمام سسٹم کو گوادر کے عوام کے لیے فعال کیا جائے گا۔

شال بقیہ 18

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم شدید سرد اور خشک رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق زیارت میں درجہ حرارت منفی 11، قلات میں منفی 8، کوئٹہ میں منفی 4، پشوب میں منفی 3، دالبندین میں منفی 2، لوکنڈی میں منفی 5.1 ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پیر کو روز صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم شدید سرد اور خشک رہے گا۔

شال بقیہ 19

کے دوران ضلیلہ گنگنے سے عبدالحق نامی کان کن جاں بحق ہوگیا جسکی لاش کو کان سے نکالنے کے بعد آبائی علاقے پشین روانہ کردیا گیا۔

شال بقیہ 20

کے عمران وزیر اعلیٰ پر ڈنڈی ماری تو پنجاب انتہائی کا قبرستان بن جائے گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں شیخ رشید احمد نے لکھا کہ غلطی کی گنجائش نہیں، زرداری کی جیب کی کھڑی، گیم چینجروں کی ہاتھ کی چھڑی، الیکشن سلیکشن میں بدل دے گی۔ سابق وزیر نے کہا کہ حالات انتہائی سنگین ہیں، نہ آنا نہ قبر کیلئے زمین میسر ہے، ملک خانہ جنگی کی طرف جارہا ہے، کل وطن واپس آرہا ہوں۔

شال بقیہ 21

عامر ذوالفقار نے ملاقات کی، ذرائع کے مطابق وزیر اعظم سے چیف سیکرٹری اور آئی جی پنجاب نے گزشتہ روز ملاقات کی اور یہ ملاقات ایک گھنٹہ جاری رہی۔ ملاقات میں وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ امن و امان کی صورتحال کو کنٹرول رکھا جائے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے پنجاب میں خودساختہ مہنگائی بڑھانے والوں کیخلاف کارروائی کی ہدایت کی اور کہا کہ آٹا مہنگا بیچنے والوں کو پکڑا جائے اور مہنگائی کنٹرول نہ کرنے والیا فسران کیخلاف کارروائی کی جائے۔ وزیر اعظم نے افسران سے مکالمہ کیا کہ محکمہ صحت کا بھی کوئی پرسان حال نہیں۔

شال بقیہ 22

سید محمد عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت رجب کا چاند دیکھنے کیلئے اجلاس وزارت مذہبی امور کو ہسار بلاک کی چھت پر ہوا۔ مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے جنوبی حصے میں مطلع صاف رہا اور شمالی حصے میں مطلع ابر آلود رہا، پاکستان کے کسی بھی مقام سے رجب کا چاند نظر آنے کی کوئی شہادت موصول نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ رجب المرجب 1444 ہجری 24 جنوری 2023 بروز منگل کو ہوگی۔

شال بقیہ 23

ہوگئے ہیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق شخص کی شناخت لعل بخش بوتانی کے نام سے ہوئی ہے، جاں

بحق شخص کی لاش اور زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، زخمیوں میں 5 افراد کو تشویشناک حالت میں لاڑکانہ ریفر کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 24

افتتاح کیا۔ وفاقی وزیر شازیہ مری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کیڈٹ کالج سانگھڑ کو ایک تسلیم شدہ تعلیمی ادارے میں تبدیل کرنے پر انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہیں، جہاں صوبے کے دور دراز علاقوں سے آنے والے طلبا کو کالج میں معیاری اور جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہے، مجھے کیڈٹ کالج سانگھڑ کے اس 26ویں سالانہ یوم والدین کی تقریب میں شرکت کرکے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیڈٹ کالج سانگھڑ میں مختلف شعبوں میں کام کرنے والوں کی محنت کو سراہتی ہو۔ سندھ حکومت ایجوکیشن کے شعبے کی ترقی کیلئے کوشاں ہے سندھ حکومت نے ایسے تعلیمی ادارے قائم کیے ہیں جو کہ صوبے کے پسماندہ علاقوں میں معیاری اور جدید تعلیم مہیا کر رہی ہیں، شازیہ مری نے کہا کہ سندھ حکومت صوبے میں عوام کے خدمت کیلئے سنجیدہ ہے انجینئر وقمر سمیت دور دراز، پسماندہ علاقوں میں بجلی اور پانی دیگر سہولیات مہیا کیے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم وفاقی حکومت کا حصہ بن کر بھی عوام کی خدمت کر رہے ہیں، ہمیں مگر پاکستان کے مسائل کے حل کیلئے کوشش کرنی چاہیے۔ مزید کہا کہ جنگ کیڈٹ کو یہ پیغام دوں گی کہ قائداعظم کے اقوال کو یاد رکھے اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ ایک بہتر اور مضبوط پاکستان بنانا ہم سب کا فرض ہے۔ تعلیمی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے کیڈٹس کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ وفاقی وزیر شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان نیوی کی جانب سے حالیہ سیلاب میں کیے گئے خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پاکستان کے اندر حالیہ سیلاب سے بدترین تباہ کاریاں آئے جس کے نتیجے میں سیلاب سے تین کروڑ سے زائد لوگ متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ابھی بھی سیلاب متاثرین کیلئے بہت کچھ کرنا ہے، موسمیاتی تبدیلی دنیا میں ایک حقیقت ہے اور موسمیاتی تبدیلی نے پاکستان میں لاکھوں لوگوں کو تکلیف اور نقصان ہوا ہے۔ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے دنیا کے ہر کونے میں جا کر اس مشکل وقت میں لوگوں کی مدد کے لئے کوشش کر رہے ہیں، ہمیں سیلاب متاثرہ علاقوں میں دوبارہ تباہ شدہ گھروں کو بحال کرنا ہے۔

شال بقیہ 25

میں تاخیر ہوئی لیکن موسم کی صورتحال بہتر ہوتے ہی ادارے کی ٹیکنیکل سروسز ڈویژن کی ٹیم نے جمعہ کے روز مرمت کا کام مکمل کیا، جس کے بعد ہفتہ کے روز 60 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کی فراہمی بحال کردی گئی۔ ترجمان کے مطابق پائپ لائن تباہ ہونے سے کوئٹہ، مچھ، مستونگ، قلات، زیارت اور دیگر ملحقہ علاقوں میں اس لائن سے گیس کی فراہمی معطل ہوگئی تھی۔

شال بقیہ 26

سمیت 28 فوجی اور 4 پولیس اہلکار شامل ہیں۔ اسٹاف یونین کے صدر ایئر آراؤز نے ایک بیان میں کہا کہ اقوام متحدہ کے شانہ بشانہ کام کرنے والے امن دستے اور سویلین اہلکار دنیا کے سب سے مشکل ماحول میں اقوام متحدہ کے کام کے ہراول دستے کا حصہ ہیں۔ ایئر آراؤز نے کہا کہ اقوام متحدہ کے اہلکاروں کے خلاف ہر حملہ امن کے لیے ایک دھچکا ہے، یہ بین الاقوامی برادری کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ ان گھناؤنی کارروائیوں کے لیے جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے مناسب طریقہ کار وضع کرے جو بین الاقوامی قانون کے تحت جنگی جرائم کا درجہ رکھتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی اسٹاف یونین نے کہا کہ 2022 میں ہلاک ہونے والے امن دستے کے 32 فوجیوں کے ساتھ پچھلے 13 سالوں میں امن دستے کے مرنے والے اہلکاروں کی تعداد 494 ہوگئی ہے جو دیسی ساختہ دھماکا خیز آلات، دستی بموں، مارٹر گولوں، بارودی سرنگوں، مسلح و خودکش حملوں کا شکار ہوئے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کے لحاظ سے 2022 میں جاں بحق ہونے والے امن فوجیوں میں سے 7 کا تعلق پاکستان سے تھا، مرنے والوں میں سے 7 کا تعلق مصر، 4 کا چاڈ، 3 کا بنگلہ دیش، 2 کا بھارت، 2 کا نائیجیریا، ایک ایک کا گنی، آئرلینڈ، اردن، مراکش، نیپال، روس اور سریا سے تھا۔ پاکستانی امن دستوں میں سے چھ فوجی محمد اسماعیل، فیضان علی، آصف علی اعوان، سمیع اللہ خان، محمد سعد نعمانی اور محمد جمیل خان جمہوریہ کانگو میں اقوام متحدہ کے تنظیم استحکام مشن میں خدمات انجام دے رہے تھے اور ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو میں ایک ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہو گئے۔ جمہوریہ کانگو میں اقوام متحدہ کے تنظیم استحکام مشن کا ہیلی کاپٹر وتشورو کے جنوب میں 20 کلومیٹر دور تھانزو کے علاقے میں گر کر تباہ ہوا، یہ ہیلی کاپٹر ایک ایسے علاقے میں نگرانی اور جاسوسی کے مشن پر مامور تھا جہاں ایم 23 ملیشیا اور کانگو کی مسلح افواج کے درمیان جھڑپیں ہوئی تھیں۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ پاکستانی امن دستے کے ایک اور رکن بابر صدیق کانگو میں امن مشن کے ساتھ خدمات انجام دے رہے تھے مقامی مسلح گروپ کے مشتبہ ارکان کی جانب سے جنوبی کیوو کے مشن پر کیے گئے حملے میں مارے گئے۔ پاکستان اقوام متحدہ کے امن مشن میں سب سے زیادہ تعاون کرنے والے ملکوں میں سے ایک رہا ہے اور 1960 کی دہائی سے پاکستان نے 43 مشنوں میں 2 لاکھ سے زیادہ فوجیوں کی خدمات فراہم کیں اور اس دوران قیام امن کے لیے خدمات انجام دینے والے پاکستان کے 157 بہادر جوانوں نے اپنی جانوں کی قربانی دی۔

شال بقیہ 27

کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہے اور جب سے رسالدار جاوید عیسیٰ زئی ٹوکنڈی میں تعینات ہوئے ہے امن و امان سمیت دیگر مسائل میں کافی کمی ہوئی ہے، اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ علاقے میں اہم ایشو راہداری کا اسی مہینے کے 25 تاریخ کو آغاز ہو جائیگا جو کرونا وائرس کی وجہ سے تاحال بند تھا اس کے ساتھ ساتھ بازار چہ کا مسلہ بھی حل ہوگا انہوں نے کہا تالاب گیٹ کا کام آخری مراحل میں ہے پاکستان کی جانب سے تالاب گیٹ کے مقام کا تعین ہو چکا ہے اب صرف ایرانی حکومت کے جانب سے رض

الیکشن کراؤ ملک بچاؤ، مہم مزید تیز کی جائے، عمران خان

انتخابی مہم میں رجیم چینج کے ساتھ مہنگائی کو ایشو بنایا جائے گا' پارٹی کو ہدایت، جلسوں کا شیڈول تیار کرنے کی ہدایت

ڈاکٹروں سے اجازت ملنے کے بعد خود حکومت کو ٹف ٹائم دینے کیلئے میدان میں اتروں گا' چیئرمین پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں کی منظوری کا جواب دینے کیلئے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے حکمت عملی تیار کرلی۔ عمران خان نے قومی اسمبلی سے استعفوں کی منظوری کے بعد انتخابی مہم کو تیز کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹروں سے اجازت ملنے کے بعد خود حکومت کو ٹف ٹائم دینے کیلئے میدان میں اتروں گا، عمران خان نے جلسوں کا شیڈول تیار کرنے کی ہدایت کر دی۔ ذرائع کے مطابق انتخابی مہم میں رجیم چینج کے ساتھ مہنگائی کو ایشو بنایا جائے گا، ملک کو بدترین معاشی مشکلات سے نکالنے کیلئے پی ٹی آئی کے چیئرمین قوم کو روڈ میپ بھی دیں گے، معاشی ٹیم کو معاشی بحران سے نکلنے کیلئے تجاویز تیار کرنے، سوشل میڈیا ٹیم کو حکومت بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایم سی او الیکشن کمیشن خوت بخش ضلع گوادر میں جنرل الیکشن کے لئے پولنگ اسٹیشنز کا جائزہ لے رہے ہیں

تحریک انصاف نے خریبوں کے علاج کیلئے شوکت خانم ٹرسٹ کو پیسے دیئے تھے، عمران خان نے زرِ مبادلہ کمائی کی، پلوشہ خان

عمران خان شوکت خانم ٹرسٹ کا چندہ پی ٹی آئی فنڈ میں وصول کرتے رہے، غضب خدا کا خیرات اور صدقات کی رقم بھی ڈکاری، بیان

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پیپلز پارٹی سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نے غریبوں کے علاج کیلئے شوکت خانم ٹرسٹ کو پیسے دیئے تھے، عمران خان نے خیرات اور صدقات کی رقم پر سرمایہ کاری کی۔ اپنے بیان میں پلوشہ خان نے کہا کہ خیرات اور صدقات کے پیسے غریبوں کے علاج کی بجائے کاروبار میں استعمال کیئے گئے، عمران خان شوکت خانم ٹرسٹ کا چندہ پی ٹی آئی فنڈ میں وصول کرتے رہے، غضب خدا کا عمران نیازی نے خیرات اور صدقات کی رقم بھی ڈکاری۔

حاجیوں کو ایئرپورٹ سے نجی ٹرانسپورٹ پر مسجد حرام لے جانے پر جرمانہ ہوگا

حج یا عمرہ کی ادائیگی کے بعد مسجد حرام سے جدہ کے شاہ عبدالعزیز ایئرپورٹ تک ای شٹل سروس سے پہنچایا جائے گا، حکام

جدہ (این این آئی) شاہ عبدالعزیز ایئرپورٹ جدہ نے ایسے عناصر کو خبردار کیا ہے کہ مسافروں کو اپنی ٹرانسپورٹ پر لے جانے کی غیر قانونی کوشش کرنے والوں کو 5000 سعودی ریال جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ عبدالعزیز ایئرپورٹ کی طرف سے اس سے قبل یہ باضابطہ اعلان کیا جا چکا ہے کہ جدہ ایئرپورٹ پر اترنے والے عازمین حج کو ایک شٹل سروس کے ذریعے مسجد حرام تک لے جایا جائے گا۔ حج یا عمرہ کی ادائیگی کے بعد مسجد حرام سے جدہ کے شاہ عبدالعزیز ایئرپورٹ تک ای شٹل سروس سے پہنچایا جائے گا۔

گوادر: پسنی سے گوادر جانے والی گاڑی مکران کوسٹل ہائی وے پر حادثے کا شکار ہوگئی، حادثے میں دو افراد جان بحق ہوگئے

PPP ایک مسلمہ حقیقت اور عوام دوست پارٹی ہے، علی مدد جتک

گزشتہ ادوار میں ڈاکٹر مالک اور ان کی پارٹی نے صرف قوم پرستی کا نعرہ لگایا جبکہ حکومت میں ہوتے ہوئے بھی بلوچستان کے لئے کچھ نہیں کیا

ڈاکٹر مالک کی جانب سے آصف علی زرداری سے متعلق اخباری بیان محض اپنا سیاسی قد بڑھانے کی ناکام کوشش ہے، پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق صوبائی صدر حاجی میر علی مدد جتک اور پی پی پی کے مرکزی رہنما و صدر ضلع حب میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک مسلمہ حقیقت اور عوام دوست پارٹی ہے گزشتہ روز ڈاکٹر مالک کی جانب سے شریک چیئرمین آصف علی زرداری سے متعلق اخباری بیان محض اپنا سیاسی قد بڑھانے کی ناکام کوشش ہے، گزشتہ ادوار میں ڈاکٹر مالک اور ان کی پارٹی نے صرف قوم پرستی کا نعرہ لگایا جبکہ حکومت میں ہوتے ہوئے بھی بلوچستان کے لئے کچھ نہیں کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں اپنے اخباری بیان میں کیا۔ میر علی مدد جتک نے کہا کہ آصف علی زرداری پاکستانی سیاست کا ایک مضبوط ستون ہیں اور جو وہ کہتے ہیں اسے کامیابی سے پورا بھی کرتے ہیں اور اپنے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

سرکار کے زور پر ہمارے پینا فلیکس اتارنے والے اب ملک سے باہر بیٹھے ہیں، رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی

گوادر کے پریجیکٹ کے نقشے میں تبدیلیاں کی گئی ہیں، گوادر کے پریجیکٹ کے نقشے میں تبدیلیاں غریب عوام کی تباہی کا باعث بنیں گی، رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی

لسبیلہ (این این آئی) سینیٹر صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان سردار میر صالح بھوتانی اور لسبیلہ گوادر سے منتخب رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی کا وندر ڈیم منصوبے کا دورہ اس موقع پر ایری گیشن حکام کی جانب سے انکوبریٹنگ دینے کے لیے تقریب کا انعقاد کیا گیا ڈائریکٹر ایری گیشن ناصر مجید نے سردار محمد صالح بھوتانی اور محمد اسلم بھوتانی کو وندر ڈیم منصوبے کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر صوبائی وزیر بلدیات بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

لسبیلہ، رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی وندر ڈیم کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

گھوٹکی: کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن، 5 مغوی بازیاب

مغویوں کا تعلق پشین، کوئٹہ، تنکوانی اور حیدرآباد سے ہے، ان سے 30 لاکھ روپے سے ایک کروڑ روپے تک تاوان طلب کیا گیا تھا، پولیس

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی میں رونجھی کے کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن کے نتیجے میں 5 مغویوں کو بازیاب کرایا گیا۔ پولیس کے مطابق مغویوں کا تعلق پشین، کوئٹہ، تنکوانی اور حیدرآباد سے ہے اور یہ ایک سے 4 ماہ تک یرغمال بنے رہے۔ پولیس کے مطابق ڈاکوؤں سے بازیاب کرائے گئے مغویوں سے 30 لاکھ روپے سے ایک کروڑ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

نگران وزیراعلیٰ کے انتخاب کے بعد نگران کابینہ کے لیے بھی مشاورت تیزی کر دی گئی

نگران کابینہ کے مجوزہ ناموں میں ریٹائرڈ بیوروکریٹس، سابق ججز، وکلاء اور صحافیوں کے نام بھی شامل

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا کے نگران وزیراعلیٰ کے انتخاب کے بعد نگران کابینہ کے لیے بھی مشاورت تیزی کر دی ہے۔ کابینہ میں سابق ججز سمیت صحافیوں کے نام پر بھی زیر غور ہے۔ ذرائع کے مطابق خیبرپختونخوا میں نگران کابینہ کے لیے مختلف ناموں پر غور جاری ہے۔ نگران وزیراعلیٰ کو نگران کابینہ سے متعلق فہرست موصول ہوگئی ہے۔ نگران کابینہ کے مجوزہ ناموں میں ریٹائرڈ بیوروکریٹس، سابق ججز، وکلاء اور صحافیوں کے نام بھی شامل ہیں۔

پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء چوہدری نعیم کریم سے پارٹی رہنماء فرید افغان اور عطاء اللہ محمد زئی کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

تحریک انصاف کے چیئرمین کے اپنے پمپ ہوتے ہوئے دوسرے پمپ سے گاڑیوں کے لئے دوسرے پمپ سے تیل خریدتا ہے، وزیر محمد کاکڑ

ہمارا مطالبہ ہے کہ کیسکو دوسرے پمپ سے معاہدہ ختم کرکے اپنا پمپ سے تیل لینا شروع کرے۔ کیسکو لیبر یونین بلوچستان

اس عمل سے کمیشن اور کرپشن کو فروغ اور کیسکو ماہانہ لاکھوں نقصان ہوتا ہے۔ ملک سعید جان لہڑی

کوئٹہ (پ ر) کیسکو لیبر یونین بلوچستان کا صدر ریحمد محمد کاکڑ جنرل سیکرٹری ملک سعید جان لہڑی سے کیسکو کے ڈرائیوروں کا وفد نے ملاقات کی وفد نے کیسکو لیبر یونین بلوچستان کے قیادت کو اپنے مسائل اور درپیش مشکلات سے آگاہ کیا اس موقع پر کیسکو لیبر یونین بلوچستان کے صدر ریحمد محمد کاکڑ جنرل سیکرٹری ملک سعید جان لہڑی نے وفد کو یقین دلایا کہ کیسکو لیبر یونین ڈرائیوروں کے مسائل اور مشکلات کے حل کے لئے ہر ممکن کوشش کرے گے اور ہر فورم پر آواز بلند کرے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

مودی گجرات فسادات کے براہ راست ذمہ دار، نسلی کشی کی گئی، برطانیہ

مودی نے 27 فروری کو سینئر پولیس افسران سے ملاقات کرکے انہیں فسادات کے دوران مداخلت نہ کرنے کا حکم دیا تھا، رپورٹ

لندن (این این آئی) 2002 کے دوران بھارت میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر نے لندن کے دفتر خارجہ کو رپورٹ بھیجی تھی کہ نریندر مودی گجرات میں ہونے والے فسادات کے براہ راست ذمہ دار ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات برطانیہ کے سابق خارجہ سیکرٹری جیک اسٹرا نے خصوصی انٹرویو کے دوران بتائی۔ جیک اسٹرا نے کہا کہ برطانوی ہائی کمیشن کی رپورٹ کے مطابق نریندر مودی نے 27 فروری کو سینئر پولیس افسران سے ملاقات کرکے انہیں فسادات کے دوران مداخلت نہ کرنے کا حکم دیا۔

ملکہ کوہسار مری، آزاد کشمیر کی نیلم ویلی اور سوات کے سیاحتی مقامات کے حسن نے سیاحوں کو سحر میں جکڑ لیا

سندھ کے مری کہلائے جانے والے گورکھ ہل اسٹیشن پر دو سال بعد برف باری سے موسم دلفریب ہوگیا

مری/کراچی (این این آئی) ملکہ کوہسار مری، آزاد کشمیر کی نیلم ویلی اور سوات کے سیاحتی مقامات کے حسن نے سیاحوں کو سحر میں جکڑ لیا۔ تفصیلات کے مطابق مری میں رات دیر تک لوگ سڑکوں پر موسم کا مزہ لیتے رہے، ہفتے کے بعد صبح پھر برف پڑنا شروع ہوئی تو سیاح ہوٹلوں سے نکل پڑے۔ اس کے علاوہ سندھ کا مری کہلائے جانے والے گورکھ ہل اسٹیشن پر بھی دو سال بعد ہلکی برفباری ہوئی جس سے درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر گیا۔ دوسری جانب استور اور دیامر میں برفباری کا سلسلہ ختم سکا اور سڑکوں پر برف کی موٹی تہہ جم گئی۔

شہباز شریف سے سابق اراکین اسمبلی ملک جمیل، حنیف اعوان کی ملاقات، پارٹی میں واپسی کا اعلان

دونوں شخصیات نے رکن قومی اسمبلی عابد رضا کے ہمراہ وزیراعظم شہباز شریف سے ماڈل ٹاؤن میں ملاقات کی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے سابق رکن قومی اسمبلی ملک جمیل اور سابق رکن پنجاب اسمبلی ملک حنیف اعوان نے ملاقات کرکے دوبارہ مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ دونوں شخصیات کے رکن قومی اسمبلی عابد رضا کے ہمراہ وزیراعظم شہباز شریف سے ماڈل ٹاؤن میں ملاقات کرکے مسلم لیگ (ن) میں واپس آنے کا اعلان اپنی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر وزیراعظم کے معاون خصوصی عطاء اللہ تارڑ بھی موجود تھے۔ ملاقات بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

عمران خان حملہ تحقیقات، جے آئی ٹی کے کنوینر سے اختلاف رکھنے والے تمام ارکان تبدیل

کسی محکمہ کے چوتھے رکن کی تقرری کا فیصلہ جے آئی ٹی کے سپرد، جے آئی ٹی کی سربراہی سی سی پی او لاہور کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے وزیر آباد میں عمران خان پر حملے کی تحقیقات کرنے والی جے آئی ٹی کے کنوینر کے ساتھ اختلافات رکھنے والے تمام ارکان تبدیل کر دیئے۔ سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر کی سربراہی میں نئے ارکان کی تقرری کا گزشتہ تاریخوں میں نوٹیفیکیشن جاری کر دیا گیا۔ نئے ارکان میں ڈی پی او ڈی جی خان محمد اکمل، ایس پی انجم کمال اور ڈی ایس پی سی آئی اے جھنگ ناصر نواز شامل ہیں۔ کسی بھی محکمہ کے چوتھے رکن کی تقرری کا فیصلہ جے آئی ٹی کے سپرد کر دیا گیا۔

طویل سفر کرنے والے مسافروں کیلئے خوشخبری، طیاروں میں بھی پرتعیش نیند کے مزے

نیوزی لینڈ ایئرلائن کا اکانومی اور پریمیئر اکانومی کلاس کے مسافر کے لیے پرتعیش سہولت شروع کرنے کا اعلان

کینبرا (این این آئی) طویل دورانیے کا ہوائی سفر کرنے والے عام مسافروں کے لیے خوشی کی خبر ہے کہ وہ اب ٹرین کی طرح ہوائی جہاز میں بھی اضافی رقم دے کر پرتعیش بستر حاصل کر سکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیوزی لینڈ کی ایئرلائن نے اگلے سال سے طویل فاصلوں کی پروازوں میں اکانومی اور پریمیئر اکانومی کلاس کے مسافر کے لیے یہ پرتعیش سہولت شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایئرلائن نے پرائیویسی اور سونے کے لیے آئیڈیل ماحول کے ساتھ تیار سلیپنگ پوڈ کو اسکائی بیسک کا نام دیا ہے۔

اپنی زندگی میں سیاست کی ضرورت نہیں، جمائما خان

سیاسی لڑائیوں سے دور رہنے کیلئے سیاسی معاملات میں بحث کرنے اور حصہ لینے سے گریز کرتی ہوں

میں اور مجھے پاکستان کے لوگوں کیلئے آگاہی پیدا کرنے اور انتہائی ضروری فنڈز اکٹھا کرنے پر خوشی ہے، انٹرویو

لندن (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی سابق اہلیہ جمائما خان نے کہا ہے کہ انہیں اپنی زندگی میں سیاست کی ضرورت نہیں، وہ سیاسی لڑائیوں سے دور رہنے کیلئے سیاسی معاملات میں بحث کرنے اور حصہ لینے سے گریز کرتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے برطانوی سوشلائٹ اور رومانوی کامیڈی وائس لوگاٹ ٹوڈ وداٹ کی بدایتکار اور مصنف جمائما خان نے ایک انٹرویو میں کی، انٹرویو کی ریکارڈنگ شروع ہونے سے پہلے جمائما خان نے ہلکے پھلکے لہجے میں کہا کہ انہیں سیاست کو اپنی زندگی سے باہر رکھنے کی ضرورت ہے۔ انٹرویو میں جمائما نے پاکستان اور سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ کے طور پر پاکستان میں گزارے 10 سال کے بارے میں جذباتی انداز میں بات کی، جمائما نے بتایا کہ وہ جان بوجھ کر سیاسی معاملات سے دور رہتی ہیں تاکہ سیاست سے جڑے تنازعات سے دور رہیں۔

صوبے میں امن و امان برقرار رکھنے کا کریڈٹ سیکیورٹی فورسز کو جاتا ہے، بابر یوسفزئی

صوبائی حکومت شب و روز عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے، ریکوڈک کے معاہدے کے بعد بلوچستان میں ایک نئے دور کا آغاز ہوگا

ریکوڈک معاہدے کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو جاتا ہے، ان کی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت ریکوڈک کا معاہدہ پایہ تکمیل کو پہنچا' کوآرڈینیٹر وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) کوآرڈینیٹر وزیراعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی نے گزشتہ روز مختلف وفود سے ملاقات کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان برقرار رکھنے کا کریڈٹ سیکیورٹی فورسز، افواج پاکستان و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو جاتا ہے صوبائی حکومت شب و روز عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے، ریکوڈک کے معاہدے کے بعد بلوچستان میں ایک نئے دور کا آغاز ہوگا ریکوڈک معاہدے کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو جاتا ہے ان کی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت ریکوڈک کا معاہدہ پایہ تکمیل کو پہنچا ریکوڈک معاہدے تاریخ کا معدنیات کے حوالے سے سب سے بڑا معاہدہ ہے، ریکوڈک معاہدے کے بعد صوبے میں روزگار کے ہزاروں مواقع پیدا ہوں گے معاہدے بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر خوراک و خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی سردار رشید ناصر حاجی عبدالسلام اچکزئی کی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلدیاتی نمائندوں کی خوشیاں دھیرے دھیرے مایوسیوں میں تبدیل ہونے لگیں، بلدیاتی نظام طول پکڑ گیا

سنجاوی (نامہ نگار) بلدیاتی نمائندوں کی خوشیاں دھیرے دھیرے مایوسیوں میں تبدیل ہونے لگیں بلدیاتی نظام طول پکڑ گیا۔ بلدیاتی انتخابات کو کئی ماہ گزرنے کے باوجود بلدیاتی نظام کے مکمل ہونے کی دور دور تک امکانات نظر نہیں بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں برفباری کے بعد شاہراہوں کی بحالی کا کام مزید تیز، وفاقی سیکرٹری نے اقدامات کا جائزہ لیا

ممبر ویسٹ زون شاہد احسان اللہ و دیگر عملہ مصروف عمل، جنرل منیجر عنایت اللہ آغا کی چمن، کوئٹہ شاہراہ پر بحالی کے اقدامات بارے چیئرمین کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان میں برفباری کے بعد شاہراہوں کی بحالی کا کام مزید تیز کر دیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود کی ہدایات پر وفاقی سیکرٹری مواصلات و چیئرمین این ایچ اے کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے ہنگامی دورہ بلوچستان، بحالی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ ممبر ویسٹ زون شاہد احسان اللہ و دیگر عملہ مصروف عمل، جنرل منیجر عنایت اللہ آغا کی چمن۔ کوئٹہ شاہراہ پر بحالی کے اقدامات بارے چیئرمین کو بریفنگ دی گئی۔ این۔25 پر چمن کوئٹہ سیکشن میں بحالی کے کام برق رفتاری سے جاری ہے، ضروری مشینری موقع پر موجود، این ایچ اے کا عملہ کسی بھی صورتحال بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

سوراب میں نامعلوم مسلح افراد نے قومی شاہراہ پر 4 ٹرک ڈرائیوروں اور ہوٹل مالکان کو لوٹ لیا

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) سوراب میں نامعلوم مسلح افراد نے قومی شاہراہ پر 4 ٹرک ڈرائیوروں اور ہوٹل مالکان کو لوٹ لیا پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ ایس پی سوراب کے مطابق اتوار کی صبح سوراب میں قومی شاہراہ پر الحرمین ہوٹل کے مقام پر 4 نامعلوم چوروں نے 4 ٹرک ڈرائیوروں اور ہوٹل مالکان کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا اور فرار ہوگئے۔ واقعہ بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

وزیراعظم 27 جنوری کو گرین لائن ٹرین کا افتتاح کرینگے

گرین لائن ٹرین اسلام آباد مارگلہ سٹیشن سے کراچی کینٹ سٹیشن کے درمیان چلے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف 27 جنوری کو گرین لائن ٹرین کا افتتاح کریں گے۔ گرین لائن ٹرین اسلام آباد مارگلہ سٹیشن سے کراچی کینٹ سٹیشن کے درمیان چلے گی، وزارت ریلوے نے گرین لائن ٹرین کی ایڈوانس بکنگ شروع کر دی۔ گرین لائن ٹرین چین سے درآمد شدہ نئی کوچز پر مشتمل ہوگی۔

کوئٹہ، سرکی روڈ رحمت کالونی میں گیس پائپ لائن بچھانے کیلئے مزدور کھدائی کر رہے ہیں

سنجاوی بائی پاس پختہ کرکے لوڈ بڑی گاڑیوں کے سفر کے قابل بنایا جائے، ٹرک مالکان

سنجاوی (این این آئی) سنجاوی ہر بائی ٹرک مالکان و ڈرائیوروں نے صوبائی حکومت اور حلقے سے منتخب ایم پی اے سینئر منسٹر پی اینڈ ڈی حاجی نور محمد دمڑ حاجی نور محمد دمڑ سے اپیل کی ہے کہ سنجاوی بائی پاس خستہ حال ہے اس پر کوئلہ و دیگر چیزوں سے لوڈ گاڑیوں کا گزرنا سخت دشوار ہے سنجاوی بازار میں بڑی گاڑیوں کو چھوڑ نہیں بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

عمران خان کو ملک آئین و قوم کی نہیں بلکہ اقتدار کی فکر ہے، نوید قمر

اگر اس وقت تحریک انصاف کا اپوزیشن لیڈر ہوگا تو مشاورت عمران خان سے نہیں اپوزیشن لیڈر سے کریں گے

حکومت نگران سیٹ اپ کے لیے عمران خان سے کسی صورت مشاورت نہیں کرے گی، ملک میں انارکی و انتشار کی سیاست کر رہے ہیں، وفاقی وزیر

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت و سرمایہ کاری سید نوید قمر نے کہا کہ حکومت نگران سیٹ اپ کے لیے عمران خان سے کسی صورت مشاورت نہیں کرے گی، عمران خان اقتدار کے حصول کے لیے ملک اور عوام کو داؤ پر لگا رہے ہیں وہ کبھی اسمبلی آنے تو کبھی استعفوں کی منظوری کی بات کرتے ہیں، حکومت فیکٹریاں بند نہیں ہونے دے گی، آئی ایم ایف کے پاس جانا مجبوری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاکا تیار میں دریائے سندھ کے بچاؤ بند کے معائنہ کے بعد میڈیا سے بات چیت کے دوران کیا۔ سید نوید قمر نے کہا کہ چند روز قبل دریائے سندھ کا بچاؤ بند اچانک دھماکے سے زمین بوس ہوگیا تھا جو انتہائی خطرناک تھا، مکمل سیلابی ریلے سے قبل بند کی مرمت کی ضرورت ہے، وفاقی و صوبائی حکومتوں سمیت بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، سابق وفاقی وزیر ہمایوں کرد، اکبر رئیسانی اور دیگر حاجی باز محمد ترین کے بیٹے نصیر خان ترین اور لیاقت ایڈووکیٹ کے بھائی ہارون رشید ایڈووکیٹ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عمران خان کی مبینہ سازش کے ذریعے حکومت بنانے سے متعلق تحقیقات کیلئے اپیلوں پر سماعت (کل) ہوگی

چیف جسٹس نے عدالتی ہفتہ کے دوران سپریم کورٹ میں مقدمات کی سماعت کے لئے پانچ بنچ تشکیل دے دیئے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم عمران خان کی جانب سے مبینہ طور پر بین الاقوامی سازش (سائفر) کے ذریعے اپنی حکومت ہٹانے سے متعلق تحقیقات کیلئے دائر چیمبر اپیلوں پر سماعت (کل) منگل کو ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ کے جج جسٹس سردار طارق مسعود 24 جنوری کو اپیلوں کی سماعت کریں گے، درخواست گزاروں میں ذوالفقار بھٹہ ایڈووکیٹ، سید طارق جدر اور نعیم الحسن شامل ہیں، رجسٹرار سپریم کورٹ نے درخواستوں پر مختلف اعتراضات عائد کرتے ہوئے انہیں واپس کر دیا تھا جس پر درخواست گزاروں نے رجسٹرار سپریم کورٹ کے اعتراضات کے خلاف چیمبر اپیلیں دائر کر دی تھیں۔

کوئٹہ میں پاکستان سپر لیگ کا کوئی میچ نہیں ہوگا تاہم 5 فروری کو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور پشاور زلمی کے درمیان نمائشی میچ کھیلا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پاکستان سپر لیگ کا کوئی میچ نہیں ہوگا تاہم 5 فروری کو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور پشاور زلمی کے درمیان نمائشی میچ کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ کے اس سال کے ایڈیشن میں کوئٹہ کے ایوب اسٹیڈیم میں واقع اکبر بگٹی کرکٹ بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

حزب اللہ کے قائد کی خلیجی ممالک سے تعاون کی اپیل

کیا یورپ کے لیے لبنان، سعودی عرب مصر سے زیادہ اہم ہے؟ حسن نصر اللہ

بیروت (این این آئی) لبنان کی مسلح تنظیم حزب اللہ کے رہنما حسن نصر اللہ نے خلیجی ریاستوں سے مالی تعاون کی اپیل کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو میں وہ خلیجی ممالک سے تعاون کی استدعا کرتے ہیں۔ انہیں اس بیان پر شدید تنقید کا سامنا ہے اور یہ بحث سوشل میڈیا پر اب بھی جاری ہے کہ خلیجی ریاستوں کی شدید مخالفت اور ایران کی حمایت کے باوجود وہ خلیجی ممالک سے تعاون کی درخواست کیوں کرتے ہیں۔

ترکیہ برطانیہ سے لڑاکا طیارے، فریگیٹ اور ٹینکوں کے انجن خریدنے کا خواہاں

مذاکرات کے آخری مراحل میں نہیں، ان تمام چیزوں کی خریداری کیلئے اپنے آفیشلز کو جائزہ لے رہے ہیں، وزرائے دفاع

انقرہ (این این آئی) ترکیہ نے برطانیہ سے جنگی طیاروں، لڑاکا طیاروں، ٹرانسپورٹ طیاروں اور فریگیٹس خریدنے کیلئے بات چیت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترک وزیر دفاع حلوسی آکر اتوار کو لندن گئے جہاں انہوں نے اپنے ہم منصب بین والس سے ملاقات کی۔ دونوں وزرائے دفاع نے انقرہ کیلئے یورو فائٹر لڑاکا طیارے، سی 130 ٹرانسپورٹ طیارے اور بحری فریگیٹس خریدنے سمیت ترکیہ کے پرانے ایم 60 ٹینکوں کیلئے نئے انجن خریدنے پر بات کی، اتنے بڑے پیمانے پر اسلحہ خریداری کی ڈیل کیلئے 10 ارب ڈالر کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ترک ذرائع نے غیر ملکی میڈیا کو بتایا کہ ہم مذاکرات کے آخری مراحل میں نہیں ہیں، ہم ان تمام چیزوں کی خریداری کیلئے اپنے آفیشلز کا جائزہ لے رہے ہیں۔

معاشی مفاد کو انسانیت پر ترجیح دینا بے ضمیری ہے، سلطان احمد علی

معاشرے میں امن کیلئے روحانی و اخلاقی اقدار کو فروغ دینا چاہیے، اخلاقیات کو ہر چیز پر برتری حاصل ہے

اسلام آباد (این این آئی) اولیا کی تعلیمات کے مطابق رسول پاکؐ کی محبت و تعظیم زندگی کے ہر پہلو میں شامل ہونی چاہیے، حضور پاکؐ کا ادب و تعظیم صحابہ اکرامؓ، اہل بیتؓ، تابعین اور اسلاف کا شعار تھا، یہ تعظیم اس دنیا میں بھی اور برزخ و آخرت میں بھی انسان کی نجات کا ذریعہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار دیوان آف جونا گڑھ صاحبزادہ سلطان احمد علی نے دربار عالیہ حضرت سخی سلطان باھوؒ سے وابستہ اصلاحی جماعت و عالمی تنظیم العارفین کے تحت حضرت سلطان محمد علی کی زیر صدارت سالانہ "میلاد مصطفےٰ و حق باھو" کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔ صاحبزادہ سلطان احمد علی نے کہا کہ ہمیں اس دنیا کیساتھ ساتھ برزخ اور آخرت کی زندگی کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

نصیر آباد، اناج منڈی کے صدر دیدار حسین مغیری کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

کشکول مشن سے ملک کے نہیں صرف حکمرانوں کے حالات تبدیل ہوئے، سراج الحق

تمام مافیاز ان کے اور ان کی پارٹیاں اور حکومتیں مافیاز کے رحم و کرم پر ہیں اب حل صرف جماعت اسلامی ہے

پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی آئندہ سو سال بھی اقتدار میں رہیں تو بہتری نہیں آئے گی، تینوں سٹیٹس کو کا تسلسل ہیں، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ کشکول مشن سے ملک کے نہیں صرف حکمرانوں کے حالات تبدیل ہوئے ہزاریکا کی حکومتوں میں ملک اور عوام کے حصے میں صرف تباہی آئی، ملک سیاسی، معاشی اور سماجی طور پر ڈیفالٹ کر گیا تینوں بڑی سیاسی جماعتیں آزمائی جا چکی ہیں بدحالی ان سے چھٹنے والی نہیں ہے تمام مافیاز ان کے اور ان کی پارٹیاں اور حکومتیں مافیاز کے رحم و کرم پر ہیں اب حل صرف جماعت اسلامی ہے اللہ کی مدد و نصرت اور عوام کی تائید سے اقتدار ملا تو جماعت اسلامی ملک میں اسلامی نظام نافذ کرے گی اور پاکستان کو خوشحال، کلین، گرین، کرپشن فری عظیم ریاست بنائے گی، کراچی میں میئر انشاء اللہ جماعت اسلامی کا ہوگا، کراچی جلد ترقی و خوشحالی کی طرف اپنے سفر کا آغاز کرے گا بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ایران کی کرنسی کی قدر میں عالمی تنہائی اور پابندیوں کے سبب ریکارڈ کمی

تہران (این این آئی) ایران کی بڑھتی ہوئی عالمی تنہائی اور سپاہ پاسداران انقلاب (آئی آر جی سی) یا اس کے کچھ ارکان کے خلاف یورپی یونین کی مکمل پابندیوں کے بعد امریکی ڈالر کے مقابلے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

قرآن مجید کی بے حرمتی عالمی استعمار کی اسلام دشمنی کا تسلسل